AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE

جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت

DAILY MASAFAT LAHORE

روزنامہ مسافت لاہور

بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)

ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید

چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء

ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

قیمت 10 روپے

جلد نمبر 24 پیر 24 رجب المرجب 1445ھ 5 فروری 2024ء 23 ماگھ 2079ب شمارہ نمبر 238

افغانستان سے لائے غیر ملکی اسلحے کے پاکستان میں استعمال کے مزید ثبوت منظر عام پر

22 جنوری کو فورسز نے ژوب کے مقام سمبازا میں 7 دہشت گردوں کو ہلاک کیا، ان دہشت گردوں سے برآمد ہونیوالا اسلحہ غیر ملکی ساخت کا تھا جس میں M-16 /A2، AK-47، سلیپنگ بیگز، ہینڈ گرنیڈز اور دیگر اشیا شامل تھیں

افغانستان سے جدید امریکی اسلحے کی پاکستان سمگلنگ اور کالعدم ٹی ٹی پی کا سکیورٹی فورسز اور پاکستانی عوام کیخلاف استعمال افغان عبوری حکومت کا اپنی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال نہ ہونے دینے کے دعوؤں پر بہت بڑا سوالیہ نشان ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی سرزمین پر افغانستان سے لائے جانے والے غیر ملکی اسلحے کے استعمال کے ثبوت پھر منظرِ عام پر آ گئے۔ پاک فوج دو دہائیوں سے کالعدم تحریکِ طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی دہشت گردی کے خلاف لڑ رہی ہے، یہ بات بھی ڈھکی چھپی نہیں رہی کہ کالعدم ٹی ٹی پی کے دہشت گردوں کو افغانستان میں امریکا کا چھوڑا ہوا اسلحہ میسر ہے، ٹی ٹی پی کو ہتھیاروں کی فراہمی نے خطے کی سلامتی کو انتہائی درجے کا نقصان پہنچایا ہے، اس کے نتیجے میں پاکستان میں بھی دہشت گردی کا گراف بلند ہوا ہے۔ 29 جنوری کو شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کے انٹیلی جنس آپریشن کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں دہشتگرد نیک من اللہ کو جہنم واصل کیا گیا، اس دہشت گرد سے برآمد ہونے والا اسلحہ امریکی ساخت کا تھا جس میں M-4 Carbine (بقیہ نمبر 27)

یوم کشمیر پر پاکستان نے خصوصی نغمہ جاری کر دیا

کامران اللہ خان کی آواز میں نغمے کے بول راشد منہاس نے لکھے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) یوم کشمیر کے موقع پر پاکستان نے کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے خصوصی نغمہ جاری کر دیا۔ خصوصی نغمے کے بول راشد منہاس نے لکھے ہیں جبکہ آواز کامران اللہ خان کی ہے۔ اس نغمے کو 'خوابوں کی تعبیر' کا عنوان دیا گیا ہے۔ کشمیر پر ہندوستان کے غاصبانہ قبضے کو 76 برس بیت گئے۔ نغمے کا پیغام ہے کہ آج بھی کشمیر میں ہندوستان کی ظالمانہ اور غیر انسانی (بقیہ نمبر 28)

لاہور، مسلم لیگ ن کے صدر شہباز شریف پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ مرکزی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلاول کا چیلنج کراچی کی بارش میں بہہ گیا

شہباز شریف

پہلے کارکردگی کا موازنہ کر لیں، بارش کے پانی کے باعث مائیں بہنیں سڑکوں پر بے یارو مددگار پھنسی رہیں، میرے مہربان نے مناظرے کا چیلنج دیا تھا کراچی کی سڑکوں پر موازنہ ہو گیا' بارش کے بعد اب بتائیں موازنہ ہوا یا نہیں؟

مناظرہ تو ہوتا رہیگا، بلاول جہاں سے چاہیں الیکشن لڑیں، اگر پیسے دیکر ووٹ خریدنے کی بات درست ہے تو یہ ووٹ کی عزت نہیں توہین ہے' 8 فروری کو عوام ہماری خدمات دیکھ کر ووٹ دیں گے' صدر ن لیگ کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر اور سابق وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مناظرے کی باتیں کرنے والے پہلے کارکردگی کا موازنہ کر لیں۔ پارٹی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آج کچھ سنجیدہ معاملات پر بات کرنا چاہتا ہوں (بقیہ نمبر 31)

مودی سرکار بے لگام، نئی دہلی میں تاریخی مسجد شہید کر دی

اکھونجی مسجد سے ملحق قبرستان اور قرآن کے نسخوں کی بھی بے حرمتی کی گئی، پیش امام

نئی دہلی (این این آئی) الیکشن نزدیک آتے ہی بھارت میں انتہا پسند مودی سرکار نے مسلمانوں کو نشانے پر رکھ لیا ہے۔ مسلم دشمنی میں اندھی ہو جانے والی مودی سرکار نے نئی دہلی کی تاریخی اکھونجی مسجد کو بھی شہید کر دیا۔ مسلمانوں کے قبرستان مسمار کرنے کی مہم بھی جاری ہے۔ غیر ملکی خبر رساں (بقیہ نمبر 33)

نواز شریف اور مریم نواز (آج) مری میں جلسے سے خطاب کریں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف اور چیف آرگنائزر مریم نواز آج (پیر) کے روز مری (بقیہ نمبر 32)



لاہور، ن لیگ کے رہنما عطا تارڑ پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلاول بھٹو نے ضد بازی میں لاہور سے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا، عطاء تارڑ

پیپلز پارٹی انتشار پھیلانا چاہتی' ووٹ کرنے کیلئے محنت کرنا پڑتی ہے، کامیابی عوام کے ساتھ مہم چلانے سے ملتی ہے، بلاول بھٹو الیکشن ہار چکے ہیں

چیئرمین پیپلز پارٹی ووٹ خریدنا چاہتے ہیں، انکے دفتر سے نوٹ گننے والی مشین ملی ہے، انہوں نے 50 سے 60 ہزار ووٹ خریدنے کا پلان بنایا ہے

لاہور (این این آئی) رہنما مسلم لیگ ن عطاء تارڑ نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری نے ضد بازی میں لاہور سے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پارٹی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عطاء تارڑ کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو کا لاہور سے الیکشن لڑنے کا فیصلہ غلط تھا، ووٹ حاصل کرنے کیلئے (بقیہ نمبر 29)

چین نے تربت میں تعلیم و صحت کے تین منصوبوں کے لیے فنڈز مہیا کر دیئے

تربت (این این آئی) چینی حکومت کی مالی اعانت سے تربت میں تعلیم و صحت کے شعبے میں تین اہم منصوبوں کی نقاب کشائی کر دی گئی، دو منصوبوں کی مالیت 50، 50 لاکھ روپے جبکہ تیسرے منصوبے کی مالیت 40 لاکھ روپے ہے۔

الیکشن کمیشن کا عام انتخابات کیلئے 7 لاکھ بیلٹ باکس کا انتظام مکمل

ملک بھر میں 2 لاکھ 76 ہزار سے زائد پولنگ بوتھ قائم کئے جا رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے عام انتخابات کے لئے 7 لاکھ بیلٹ باکس کا انتظام کر لیا۔ ذرائع الیکشن کمیشن کے مطابق ملک بھر میں 2 لاکھ 76 ہزار سے زائد پولنگ بوتھ قائم کئے جا رہے ہیں، ہر پولنگ بوتھ کے لئے دو بیلٹ باکس فراہم کئے جائیں گے۔ (بقیہ نمبر 30)

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیاں الیکشن کمیشن کے متعدد امیدواروں کو نوٹسز

لودھراں سے امیدوار جہانگیر ترین کو حلقے میں ترقیاتی کام کروانے پر نوٹس جاری کیا گیا، پی پی 188 سے امیدوار ملک غضنفر کو اسلحے کی نمائش پر نوٹس جاری کیا

پی پی 208 خانیوال سے امیدوار طیب کو خلاف ضابطہ تشہیری مواد پر وارننگ جاری کی گئی، خانیوال کے مختلف حلقوں کے 4 امیدواروں کو بھی نوٹسز جاری کئے گئے

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں پر متعدد امیدواروں کو وارننگ نوٹسز جاری کر دیئے۔ ترجمان صوبائی الیکشن کمشنر کے مطابق ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ افسران نے صوبہ پنجاب میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں کے واقعات کا نوٹس لے کر متعدد امیدواروں کو وارننگ نوٹسز جاری کئے۔ ترجمان نے بتایا ہے کہ این اے 155 لودھراں سے امیدوار جہانگیر ترین کو حلقے میں ترقیاتی کام کروانے پر نوٹس جاری کیا گیا، ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ افسر اوکاڑہ نے پی پی 188 سے امیدوار ملک غضنفر کو اسلحے کی نمائش پر نوٹس جاری کیا۔ اسی طرح پی پی 208 خانیوال سے امیدوار محمد طیب کو خلاف ضابطہ تشہیری مواد پر وارننگ جاری کی گئی، خانیوال کے مختلف حلقوں کے 4 امیدواروں کو بھی نوٹسز جاری کئے گئے۔ ترجمان نے مزید بتایا ہے کہ پی پی 232 وہاڑی کے امیدوار علی وقاص ہنجرا، این اے (بقیہ نمبر 58)

نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی انتخابات کے شفاف انعقاد کیلئے انتظامات کی ہدایت

سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کا کام جاری ہے، جسے 6 فروری تک مکمل کر لیا جائیگا' سیکرٹری داخلہ کی بریفنگ' بجلی اور انٹرنیٹ کی بلاتعطل فراہمی کیلئے ضروری انتظامات کئے جائیں' وزیر اعلیٰ

انتخابی نتائج کی شفافیت اور میڈیا کی سہولت کے لئے ہر پولنگ سٹیشن کے باہر سمارٹ میڈیا وال نصب کرنے اور پولنگ کے تمام عمل کو شفافیت اور خوش اسلوبی سے سرانجام دینے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے عام انتخابات کے پرامن و شفاف انعقاد کیلئے فول پروف انتظامات کی ہدایت کر دی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی زیر صدارت عام انتخابات کے انتظامات کا جائزہ لینے سے متعلق خصوصی اجلاس ہوا جس میں چیف سیکرٹری، انسپکٹر جنرل پولیس، صوبائی الیکشن کمشنر، کمشنر لاہور اور متعلقہ حکام شریک ہوئے جبکہ تمام ڈویژنل کمشنرز اور آر پی اوز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران سیکرٹری داخلہ نے بریفنگ میں بتایا کہ پولنگ سٹیشنز پر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کا کام جاری ہے، جسے 6 فروری تک مکمل کر لیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے 5 اور 6 فروری تک بیلٹ پیپرز اور متعلقہ سامان کی ترسیل یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ پولنگ سٹیشنز پر کیمروں کی تنصیب کا عمل 6 فروری سے قبل مکمل کیا جائے، پولنگ سٹیشنز پر بجلی اور انٹرنیٹ (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد، سپریم کورٹ کے باہر یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے پرچم لہرائے گئے ہیں

یوم یکجہتی کشمیر (آج) جوش و جذبے سے منایا جائیگا، عام تعطیل ہوگی

سرکاری طور پر جموں و کشمیر کے لوگوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائیگا

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت پاکستان بھر میں یوم یکجہتی کشمیر آج 5 فروری (پیر) کے روز اس تجدید عہد کے ساتھ منایا جائے گا کہ حق خودارادیت کے حصول تک کشمیریوں کی حمایت جاری رکھی جائے گی۔ اس موقع پر پاکستان بھر میں عام تعطیل ہوگی (بقیہ نمبر 35)

الیکشن کمیشن' 3 حلقوں میں انتخابات روکنے کا نوٹیفکیشن جاری

تینوں حلقوں میں انتخابات الیکشن میں حصہ لینے والے امیدواروں کے انتقال کی وجہ سے روکے گئے' ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن کی جانب سے 3 حلقوں میں انتخابات روکنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق تینوں حلقوں میں انتخابات الیکشن میں حصہ لینے (بقیہ نمبر 38)

غزہ میں 6 ہفتے کی جنگ بندی کا نیا معاہدہ متوقع

جنگ بندی میں حماس کے زیر حراست 36 یرغمالیوں کی رہائی بھی شامل

مقبوضہ غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی میں حماس اور اسرائیل کے درمیان جنگ کو روکنے کے لیے جاری کوششوں کی امید و بیم کی کیفیت میں ایک بار پھر معاہدے کی توقع کی جا رہی ہے۔ (بقیہ نمبر 39)

لاہور، گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن سے صوبائی وزیر تعلیم منصورہ قادر گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کر رہے ہیں

الیکشن' براہ راست مانیٹرنگ کیلئے 29 ہزار کیمرے خریدنے کا معاہدہ

سیف سٹیز اتھارٹی، پی آئی ٹی بی اور این آر ٹی سی کے درمیان معاہدہ طے پا گیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن 2024 کے پرامن انعقاد کی براہ راست مانیٹرنگ کے لئے 29 ہزار کیمرے خریدنے کا معاہدہ طے پا گیا۔ الیکشن 2024 کے پرامن انعقاد کی براہ راست (بقیہ نمبر 46)

ماہرین نے مارچ کے دوران شرح مبادلہ کے عدم استحکام سے متنبہ کر دیا

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کا آئندہ 3 سے 5 برس میں 100 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا ہدف ہے

اسلام آباد (این این آئی) معاشی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ 2 ماہ سے زائد عرصے (بقیہ نمبر 47)

مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام تنہا نہیں، پاکستان ساتھ کھڑا ہے، جمعیت علماء اہلحدیث

اسلام آباد / راولپنڈی (این این آئی) مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام آزادی کی اس تحریک میں تنہا نہیں بلکہ پاکستان (بقیہ نمبر 48)

بارش میں موٹر سائیکل سوار منزل کی جانب گامزن ہیں

عام انتخابات، خیبر پختونخوا کے تمام ہسپتالوں میں چھٹیاں منسوخ

ہسپتال انتظامیہ کو سٹورز میں ضروری ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت

پشاور (این این آئی) عام انتخابات 2024 کے پیش نظر خیبر پختونخوا کے تمام ہسپتالوں میں چھٹیاں منسوخ کر دی گئیں۔ محکمہ صحت خیبر پختونخوا نے تمام میڈیکل ٹیچنگ انسٹیٹیوشنز، ڈی ایچ (بقیہ نمبر 49)

معاشی سلامتی اور طاقت کے بغیر کوئی ملک مضبوط نہیں ہو سکتا' مرتضیٰ سولنگی

نگران حکومت انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے اپنے موقف پر مستقل مزاجی سے قائم رہی

لاہور (این این آئی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات و پارلیمانی امور مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ معاشی سلامتی اور طاقت کے بغیر کوئی ملک مضبوط نہیں ہو سکتا، اقلیتوں کا (بقیہ نمبر 50)

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی برکت مارکیٹ گارڈن ٹاؤن کے قریب ڈبل سٹوری انڈر پاس کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

شیر کا نشان مضبوط خوشحال پاکستان کی علامت ہے' جاوید اقبال

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے حلقہ پی پی پی 164 سے (بقیہ نمبر 36)

پاکستان بھارت سے آزادی تک کشمیریوں کی حمایت جاری رکھے گا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بار بار اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ بھارتی غلامی سے آزادی تک کشمیریوں کی حمایت جاری رکھی (بقیہ نمبر 37)

ہماری حکومت بنے گی اور نواز شریف ہمارے لیڈر ہوں گے، جہانگیر ترین

دعا ہے کہ عقاب اور شیر کی جوڑی کو کامیابی دے' سب سے پہلے معیشت کو چمکائیں گے' نواز شریف کیساتھ ملکر کام کرنے سے خوشی ہوگی

لاکھوں کی تعداد میں نوکریاں ملیں گی، تنخواہوں میں اضافہ کریں گے، کامیابی کے بعد سب سے پہلے حلقے کی حالت بدلیں گے' خطاب

ملتان (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین استحکام پاکستان پارٹی جہانگیر ترین نے کہا ہے کہ حکومت بنے گی اور نواز شریف ہمارے لیڈر ہوں گے، میاں نواز شریف کے ساتھ مل کر کام کرنے سے خوشی ہوگی۔ ملتان میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین استحکام پاکستان پارٹی جہانگیر ترین نے کہا کہ دعا ہے کہ عقاب اور شیر کی جوڑی کو کامیابی دے، 8 فروری کو کامیاب ہو کر سب سے پہلے معیشت کو چمکائیں گے، معیشت مستحکم ہوگی (بقیہ نمبر 40)

5 فروری مذہبی، ثقافتی اور سماجی ہم آہنگی کی پہچان ہے، چوہدری انوار الحق

مظفر آباد (این این آئی) وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر چوہدری انوار الحق (بقیہ نمبر 42)

پنجاب' نمونیا سے اموات کا سلسلہ تھم نہ سکا، مزید 5 بچے چل بسے

صوبے میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران نمونیا کے 679 نئے کیسز رپورٹ ہوئے

لاہور (این این آئی) پنجاب میں نمونیا سے 5 بچے چل بسے۔ پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران نمونیا کے 679 نئے کیسز سنگین صورتحال برقرار ہے جہاں اس بیماری سے مزید (بقیہ نمبر 41)

یوم یکجہتی کشمیر پاکستانیوں، کشمیریوں کے لازوال رشتہ کی پہچان، بیرسٹر سلطان

اسلام آباد (این این آئی) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری (بقیہ نمبر 43)

مسکن راوی کیلئے درخواستیں آن لائن بھی جمع کروائی جا سکتی ہیں

لاہور (این این آئی) ترجمان حکومت پنجاب عامر میر نے اعلان کیا ہے کہ مسکن (بقیہ نمبر 44)

CRIMES AGAINST KASHMIRIS ARE UNACCEPTABLE
PAKISTAN BACKS KASHMIRIS' RIGHT OF SELF-DETERMINATION
KASHMIR

اسلام آباد، یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے پوسٹر آویزاں ہیں

این اے 127 میں دیوار پر لکھی شکست عطا تارڑ کو نظر آ گئی ہے' شہلا رضا

ووٹ کو عزت دو والے نوٹ کو عزت دے رہے تھے، ویڈیو وائرل ہو گئی، سندھ میں آپ کی کوئی لیڈر شپ کھڑی ہی نہیں ہوئی

ن لیگ غنڈا گردی کر رہی ہے، پوسٹر اتارے جا رہے ہیں، ہم تیار، عطا تارڑ یا انکے لوگ آ کر دکھائیں، اسی طرح جواب دینگے

لاہور (این این آئی) رہنما پیپلز پارٹی شہلا رضا نے کہا ہے کہ این اے 127 میں دیوار پر لکھی شکست عطا تارڑ کو نظر آ گئی ہے، انتخابی دفتر پر حملے کا مقدمہ درج کیا جائے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پی پی پی رہنما شہلا رضا نے مسلم لیگ ن پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ووٹ کو عزت دو والے نوٹ کو عزت دے رہے تھے، ویڈیو وائرل ہو گئی، سندھ میں آپ کی کوئی لیڈر شپ کھڑی ہی نہیں ہوئی، عطا تارڑ پارلیمنٹ میں گندے اشاروں کی وجہ سے (بقیہ نمبر 45)

لاہور، ن لیگ کی چیف آرگنائزر مریم نواز کے انتخابی حلقہ این اے 119 میں خواتین کارکنان موٹر سائیکل ریلی نکال رہی ہیں

بلوچستان میں جلسوں اور انتخابی اجتماعات پر پابندی عائد

کوئٹہ میں خاتون خودکش حملہ آور کی موجودگی کا تھریٹ الرٹ موجود' تھریٹ الرٹ کے پیش نظر عوامی جلسوں اور انتخابی اجتماعات پر پابندی عائد کر دی گئی

تمام سیاسی جماعتیں' امیدوار اپنی میٹنگز گھر کے اندر کریں، حکومت انتخابی مہم کی ضرورت کو تسلیم کرتی ہے لیکن عوامی تحفظ اولین ترجیح ہے' جان اچکزئی

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان میں نگراں حکومت نے جلسوں اور انتخابی اجتماعات پر پابندی عائد کر دی۔ نگراں وزیر اطلاعات جان اچکزئی نے کوئٹہ میں سکیورٹی تھریٹ کے حوالے سے ٹوئٹر پر پیغام دیا کہ کوئٹہ میں خاتون خودکش حملہ آور کی موجودگی کا تھریٹ الرٹ موجود ہے۔ جان اچکزئی نے کہا کہ تھریٹ الرٹ کے پیش نظر عوامی جلسوں اور انتخابی اجتماعات پر پابندی عائد کر دی گئی۔ جان اچکزئی نے مزید کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں اور امیدواروں پر زور دیا (بقیہ نمبر 57)

بلوچستان کے ضلع ژوب میں پھر زلزلے کے جھٹکے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع ژوب میں رات کے بعد علی الصبح بھی زلزلے (بقیہ نمبر 55)

جسٹس رشید اے رضوی کی نماز جنازہ، چیف جسٹس سمیت اہم شخصیات کی شرکت

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے سابق جج اور سینئر قانون دان جسٹس (بقیہ نمبر 54)

لاہور کی تمام عدالتوں کو بھی جوڈیشل کمپلیکس میں اکٹھا کیا جائے' پنجاب بار کونسل

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین کامران بشیر مغل نے کہا ہے کہ وکلاء کے مفادات کا تحفظ اولین ترجیح ہے (بقیہ نمبر 53)

عوام سے کئے وعدے پورا کرنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے' ہمایوں اختر

فیصل آباد / تاندلیانوالہ (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر و حلقہ این اے 97 سے امیدوار ہمایوں اختر خان کی انتخابی مہم کے دوران مختلف برادریوں کے عمائدین، وکلاء، تاجر اور کسان رہنماؤں کی جانب سے (بقیہ نمبر 51)

غزہ کے لیے پاکستان سے امدادی سامان کی پانچویں کھیپ روانہ

مصر میں پاکستانی سفیر امدادی سامان وصول کریں گے، تقسیم کیلئے غزہ بھیجا جائیگا

راولپنڈی (این این آئی) فلسطینیوں کی مدد کے لیے پاکستان کی جانب سے امدادی سامان کی پانچویں کھیپ خصوصی پرواز کے ذریعے نور خان ایئر بیس سے روانہ کر دی گئی، امدادی کھیپ ضروری اشیا پر مشتمل ہے، جس میں غزہ کی زمینی ضروریات کے مطابق موسم سرما کے لیے گرم (بقیہ نمبر 56)

NA 121
PP
MNA
میاں عبدالوحید
الحاج شیخ روحیل اصغر

لاہور، ن لیگ کے رہنما الحاج شیخ روحیل اصغر کارنر میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

بجلی کے بل میں نمایاں کمی یا مکمل طور پر جان چھڑانے کا آسان ترین طریقہ

اسوقت سولر پینل کی فی واٹ قیمت 50 سے 60 روپے ہے جو کہ گزشتہ سال 120 روپے تھی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے باعث ہر خاص و عام بجلی کے زائد بلوں سے پریشان ہے۔ بجلی کے زائد بلوں سے پریشان عوام اپنے گھر، دفتر یا دکان پر سولر پینل سسٹم لگوانے کے خواہشمند ہیں مگر اس لیے گھبراتے ہیں کہ شاید سولر پینل سسٹم کے لیے کم از (بقیہ نمبر 52)

Roadmap to Accelerating Access to PPFP & PAFP in Punjab
Consultative Meeting Post-FP2030 Conference in Nepal
QADAM BA QADAM
Lahore

ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب ثمن رائے مقامی ہوٹل میں کاپاپولیشن کے حوالے سے منعقدہ ورکشاپ میں شرکاء سے خطاب کر رہی ہیں

روزنامہ
DAILY MASAFAT LAHORE
مسافت
لاہور
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء

ایڈیٹوریل

نگراں وزیراعظم انوارالحق کاکڑ کا خطاب

نگراں وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے افغانستان میں سیاسی اور اقتصادی استحکام کیلئے عالمی کوششوں کی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ افغان عوام اور ان کی قیادت پر منحصر ہے کہ وہ اپنے مستقبل کا فیصلہ کریں، تاپی جیسے منصوبوں سے علاقائی روابط کوفروغ ملے گا اور پورے خطے کو یکساں فائدہ حاصل ہوگا، آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے الیکشن کمیشن کو ہر ممکن تعاون فراہم کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں اظہارخیال کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ افغانستان یا افغان عوام کو پاکستان کیلئے کوئی خطرہ نہیں سمجھتے، افغانوں کی اپنی ثقافت اور اپنی سرزمین ہے اور مختلف وابستگیوں کی وجہ سے مختلف ممالک کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں اور پاکستان کو توقع تھی کہ افغان سرزمین سے کوئی خطرہ یا نقصان نہ ہو۔ پاکستان نے دہشت گرد عناصر کی موجودگی اور دہشت گردی کی کارروائیوں میں افغان سرزمین کے استعمال کے حوالے سے طالبان کی عبوری حکومت کو اپنے تحفظات سے بہت واضح طور پر آگاہ کیا تھا اور انہیں اس کا ادراک تھا۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کو خطے میں ایک اہم مقام حاصل ہے اور ایک پڑوسی کے طور پر پاکستان وہاں سیاسی اور اقتصادی استحکام کیلئے تمام عالمی کوششوں کی حمایت کرکے اس اہمیت کو بڑھانا چاہتا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سوات اور ضرب عضب آپریشن کے بعد کالعدم ٹی ٹی پی کے دہشت گرد عناصر افغانستان چلے گئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا آئین بالکل واضح ہے اور جو بھی مسلح بغاوت کو ترجیح دے گا اسے تکفیری سمجھا جائے گا جیسا کہ علمائے کرام نے کہا تھا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ ریاست ایسے گروپوں سے مذاکرات نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم افغان حکومت سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ ان کی سرزمین سے پاکستان کو کوئی نقصان یا خطرہ نہیں ہونا چاہئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میگا ریجنل کنیکٹیویٹی پراجیکٹس جیسے تاپی اور دیگر منصوبے ہیں ان سے دونوں ممالک اور پورے خطے کو یکساں طور پر فائدہ پہنچے گا۔ غیر قانونی تارکین وطن کی ان کے وطن واپسی کے بارے میں انہوں نے کہا کہ اس کے علاوہ کوئی حل نہیں ہے اور ایک دستاویز کا نظام حتمی ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اپنی نگران حکومت کے مختصر دور میں انہوں نے ملک کو مختلف چیلنجز بالخصوص معاشی مسائل سے نکالنے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ جب انہوں نے حکومت سنبھالی تو یہ ایک مشکل کام تھا کیونکہ ملک کو اپنے جغرافیائی محل وقوع کی وجہ سے مختلف دباؤ کا سامنا تھا اور ملک کو پیچیدہ اقتصادی چیلنج درپیش تھا تاہم انہوں نے کہا کہ وہ ادارہ جاتی تعاون کی وجہ سے چیزوں کو ٹھیک کرنے میں کامیاب ہوئے۔ انہوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ ان کی کوششوں کے بہت اچھے نتائج برآمد ہوئے ہیں کیونکہ ملک اب صحیح منزل کی طرف بڑھ رہا ہے۔ نگراں وزیراعظم نے کہا کہ ملک میں انتخابات کے انعقاد کیلئے الیکشن کمیشن کی معاونت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی مبصرین اور غیر ملکی میڈیا انتخابات کی نگرانی کریں گے اور اس کی رپورٹنگ کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نگران سیٹ اپ کی بنیادی ذمہ داری آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انتخابات کو یقینی بنانا تھی تاکہ لوگ اپنی حکومت کو منتخب کریں۔ ایک سیاسی جماعت کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ یہ انتظامی مسائل لگتے ہیں اور واضح طور پر کہا کہ حکومت نے کسی جماعت کو کوئی ہدایت نہیں دی، اس کے علاوہ ای سی پی اور عدلیہ کام کر رہی ہے اور جس کو بھی شکایت ہو وہ ان سے رابطہ کرسکتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ بلوچستان اور صوبہ خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال کے بارے میں پہلے ہی اپنے جذبات اور خیالات سے آگاہ کر چکے ہیں اور اپنے موقف پر قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان کی صورتحال کو انتخابات میں تاخیر سے جوڑ کر اس پر سازشی نظریات موجود ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان نے کبھی بھی ایران کیلئے مسائل پیدا نہیں کئے اور ایران کی جانب سے میزائل حملے سے انہیں ابتدائی طور پر صدمہ پہنچا اور انہوں نے اپنے جذبات ایران تک پہنچائے جس کے بعد بھرپور جواب دیا گیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ میکنزم بحال ہو جائے گا۔ نگراں وزیراعظم نے اعلان کیا کہ جب بھی پاکستان کی خودمختاری پر کوئی حملہ ہوا تو اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جامعات جیسے تعلیمی ادارے صحت مند مباحثہ کے انعقاد کے لیے بہترین فورم ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں وزیراعظم نے کہا کہ سوشل میڈیا پر ان پر تنقید کے باوجود انہوں نے تحمل سے کام لیا، تحفظات کو مہذب الفاظ میں بیان کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں ہسٹیریا جذبات جیسے جذبات پھیل چکے ہیں اور اسے معمول پر آنے میں وقت لگے گا۔

اقوام عالم کے لئے مواخات مدینہ کا پیغام۔

عارف محمود کسانہ

شمالی یورپ کے ملک فن لینڈ کی خون جما دینے والی سردی میں جب یہاں کے باسی بھی اشد ضروری کام کے بغیر اپنے گھروں سے باہر نکلتے، اس یخ بستہ موسم میں مواخات مدینہ کا پیغام لئے چیئرمین اخوت فاؤنڈیشن ڈاکٹر محمد امجد ثاقب جب وہاں کیدارالحکومت ہیلسنکی پہنچے تو اخوت سویڈن، اخوت ڈنمارک اور اخوت فن لینڈ کے احباب ان کے استقبال کے لئے چشم براہ تھے۔ لاہور کی ایک پسماندہ بستی رسول پاک سے شروع ہونے والی مواخات مدینہ کی بنیاد پر شروع ہونے والی تحریک، اخوت کا پیغام اب دنیا بھر میں پھیل رہا ہے۔ ڈاکٹر امجد ثاقب سپین اور سوئٹزرلینڈ کے دورے کے بعد فن لینڈ تشریف لائے تو منفی بائیس ڈگری سینٹی گریڈ کی انتہائی شدید سردی اور سفر کی تھکان کے باوجود ان کے چہرے پر تمانت اور خوشی عیاں تھی۔ انہوں نے جس سفر کا آغاز دو دہائیوں قبل لاہور سے شروع کیا تھا، وہ پاکستان کے طول عرض میں شہروں اور قصبوں سے ہوتا ہوا اب امریکہ، برطانیہ، سویڈن، آسٹریلیا، ڈنمارک، متحدہ عرب امارات، سپین، سوئٹزرلینڈ اور فن لینڈ تک پہنچ گیا۔ ڈاکٹر امجد ثاقب سے جب یہ سوال کیا گیا کہ اخوت کا کام جس سطح تک پہنچ گیا ہے، اب آپ کو اس قدر بھاگ دوڑ کی کیا ضرورت ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ ڈاکٹر امجد ثاقب اور ان کے ساتھیوں نے غربت اور جہالت کو پاک سرزمین سے ختم کرنے کا خواب دیکھا۔ اس کی خواب کی تعبیر پاکستان کے چارسو سے زائد شہروں میں اخوت کے آٹھ سو سے زائد دفاتر، لاکھوں لوگوں کو قرض حسنہ دے کر اپنا باعزت روزگار دینا، خواجہ سراوں کی فلاح و بہبود، مستحق لوگوں کو تن ڈھانپنے کے لئے کپڑوں کی فراہمی، مریضوں کے علاج، تعلیم سہولیات اور اخوت یونیورسٹی اس خواب کی تعبیر ہے۔ بس یہی نہیں، جب بات مواخات مدینہ کی درخشاں روایت کی ہورہی ہے تو پھر صرف اہل پاکستان ہی اس سے کیوں مستفید ہوں؟ کیا باقی دنیا کا اس پر حق نہیں؟ ڈاکٹر امجد ثاقب درست کہتے ہیں کہ غربت صرف مال و دولت کا نہ ہونا نہیں بلکہ معاشرے میں تنہا رہ جانا بھی تو غربت ہے۔ پاکستان میں مالی غربت جبکہ ترقی یافتہ ممالک اور یورپ میں تنہائی ایک المیہ ہے۔ پاکستان میں اخوت کی روشنی جب سیالکوٹ سے گوادر تک پھیل جانے کے بعد اب مواخات مدینہ کا پیغام اخوت گوبل کی صورت میں دلوں پر دستک دے رہا ہے۔ ڈاکٹر امجد ثاقب سے اخوت گوبل بنانے کی وجہ پوچھی تو انہوں نے کہا کہ جب ہمارا خالق، رب العالمین ہے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، رحمت العالمین ہیں تو پھر یہ پیغام مسلمانوں تک ہی محدود نہیں رہنا چاہیے۔ ہم دنیا بھر کو محبت اور وحدت انسانی کا پیغام دے دینا چاہتے ہیں کہ ہم رنگ، نسل، زبان، مذہب اور علاقائی تفرقات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے تمام انسانیت کو اخوت کا پیغام محبت دے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سجدہ شکر بجالانے کا مقام ہے اخوت کا پیغام اب پانچ براعظموں تک پہنچ گیا ہے۔ ان ممالک میں اخوت اب ایک رجسٹرڈ تنظیم ہے۔ جن ممالک میں اخوت قائم ہے وہ وہاں مقامی لوگوں کے لئے فلاح و بہبود کی سرگرمیوں میں کی جاتی ہیں۔ سماجی، تعلیمی اور معلوماتی پروگرام منعقد کئے جاتے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ اخوت کا دائرہ کار صرف پاکستانی کمیونٹی تک نہ رہے بلکہ ان ممالک میں مقیم تمام لوگوں تک اخوت کا پیغام پہنچے۔ مقامی لوگوں کے لئے بھی فلاحی منصوبے جاری ہوں جیسے اخوت سویڈن نے کرسمس کے موقع پر بے گھر سویڈش لوگوں کو کھانا دیا اور پاکستان میں کرسمس کے موقع پر مستحق مسیحی گھرانوں کو ایک ماہ کا راشن دیا۔

ڈاکٹر محمد امجد ثاقب جب اخوت گوبل بنانے کی وجوہات بتا رہے تھے تو میرا ذہن یورپی اور سویڈش معاشرے کی طرف چلا گیا جہاں فلاحی معاشرے کے ہوتے ہوئے تنہائی ایک روگ ہے۔ ڈاکٹر امجد ثاقب درست کہتے ہیں کہ لاکھوں کے ہجوم میں تنہا ہونا بھی تو غربت ہے۔ سویڈن میں کئی ایسے واقعات ہوتے ہیں کہ لوگ اپنے گھر میں مرجاتے ہیں کئی دنوں بلکہ ہفتوں بعد ان کے مرنے کا علم ہوتا ہے۔ ساتھ رہنے والے ہمسایوں کو ایک دوسرے کی خبرگیری نہیں ہوتی۔ بچوں کے ساتھ اکیلی رہنے والی خواتین کو کئی مسائل درپیش ہوتے ہیں۔ کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو ریاستی امداد نہیں لے سکتے اور انہیں تعاون کی ضرورت ہوتی ہے۔ غرض یورپ کے ترقی یافتہ خوشحال معاشرے کو بھی مواخات مدینہ کی روشنی چاہیے۔ اخوت گوبل کی صورت میں ڈاکٹر امجد ثاقب نے جو خواب دیکھا ہے، اس کی تعبیر سامنے آنا شروع ہورہی ہے اور وہ وقت جلد آئے گا جب اخوت کا پیغام ہر سو پھیلے گا۔ یہی آرزو ڈاکٹر محمد امجد اپنی دعا میں کررہے تھے جب اخوت فن لینڈ کے قیام کی باقاعدہ تقریب کے بعد ہم احباب جمع تھے۔ ان میں اخوت برطانیہ کے صدر عارف انیس، اخوت ڈنمارک کے صدر عمیر ڈار، اخوت سویڈن کے جنرل سیکرٹری ابرار اکبر، اخوت فن لینڈ کے صدر ڈاکٹر ذیشان اصغر، بورڈ ممبر ڈاکٹر ندیم اصغر اور راقم اخوت سویڈن کے صدر کی حیثیت سے شامل تھے۔ ڈاکٹر امجد ثاقب خلوص دل سے بارگاہ الٰہی میں التجا کررہے تھے کہ ہم سب اس شدید سردی کے موسم میں دنیا کے مختلف ممالک سے صرف تیری رضا اور تیرے محبوب کی سنت، مواخات مدینہ کے احیاء کے لئے جمع ہیں

ضلع اٹک میں کتاب میلے

تحریر: شہزاد حسین بھٹی

تاریخ عالم میں تہذیبوں کے ارتقاء سے لے کر ترقی کے عہد جدید تک کتاب کے کردار اور کتاب کی افادیت سے انکار ممکن نہیں۔ کتاب ذہن و فکر میں وسعت لاتی ہے اور افکارِ تازہ کی نمو کا ذریعہ بنتی ہے۔ آج کی جدید سائنس کا ترقی یافتہ منظر نامہ کتاب ہی کا مرہونِ منت ہے۔ کتاب میلوں کا مقصد کتاب کی اہمیت کو دورحاضر میں اُجاگر کرنا ہے اوراس کا بنیادی مقصد کتب بینی کا فروغ بھی ہے کیوں کہ کتب فروخت ہوں گی تو کتب بینی کا رجحان زیادہ ہوگا تو لوگ زیادہ کتابیں خریدیں گے۔ اچھے اور منفرد موضوعات پر حامل کتابیں ہاتھوں ہاتھ بک جاتی ہیں اور ایسی کتب کتاب میلوں کی محتاج بھی نہیں ہوتی ہیں وہ اس کے بغیر بھی فروخت ہوسکتی ہیں اس کی کئی مثالیں ماضی میں دیکھی جاسکتی ہیں۔

ملک بھر میں سرکاری وغیر سرکاری سکولوں، کالجوں، یورنیورسٹیوں اور بک پبلشروں کی سطح پر کتاب میلے سال بھر جاری رہتے ہیں ۔2011ء میں حکومت پاکستان نے ہر برس 22 اپریل کو کتاب کے قومی دن کے طور پر منانے کا اعلان کیا جس کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ ملک میں کتاب دوستی اور کتاب خوانی کوفروغ دیا جائے۔ اب یہ قومی دن ہرسال منایا جاتا ہے اور اسلام آباد میں نیشنل بک فاؤنڈیشن کے زیر انتظام ایک قومی کتاب میلے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔2011ء میں حکومت پاکستان نے ہر برس 22 اپریل کو کتاب کے قومی دن کے طور پر منانے کا اعلان کیا جس کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ ملک میں کتاب دوستی اور کتاب خوانی کوفروغ دیا جائے۔ اب یہ قومی دن ہرسال منایا جاتا ہے اور اسلام آباد میں اس سلسلے میں ایک قومی کتاب میلے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ جس میں ملک بھرسے پبلشر اسٹال لگاتے ہیں جس میں طلباء و طالبات سمیت کتاب سے محبت رکھنے والے خواتین و حضرات کی ایک کثیر تعداد شرکت کرتی ہے۔

صوبہ پنجاب کی حکومت نے بھی گذشتہ چند سالوں سے صوبہ پنجاب میں سرکاری سرپرستی میں تعلیم کے فروغ اور کتاب بینی کے فروغ کے لیے لائق ستائش اقدامات کرنے شروع کر رکھے ہیں جس کی وجہ سے کتاب بینی اور مطالعہ کے فروغ میں خاطر خواہ حد تک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ اس سے قبل پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے 2017ء میں پنجاب کے بیس اضلاع میں ای لائبریریوں کا قیام عمل میں لائی جس سے طلباء و طالبات کو نایاب اور جدید علوم تک بذریعہ آئی ٹی رسائی ممکن ہوئی۔

ادبی حوالے سے ضلع اٹک میں کتاب دوست اقدامات کا آغاز 28 نومبر 2021ء کو ہوا۔ یہ اٹک کا ایک تاریخ ساز دن تھاجب اٹک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ میونسپل کمیٹی کے لان میں کتاب میلے/نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ یہ خوبصورت خواب شاعروادیب اور استاد جناب مشتاق عاجز، شاعر، محقق جناب پروفیسر نصرت بخاری، شاعرو پبلشر طاہر اسیر اور سید یونس رضا نے دیکھا اور میونسپل کمیٹی اٹک کے چیئرمین شیخ ناصر محمود، وائس چیئرمین ملک طاہر اعوان، چیف آفیسر عظمت فرید وڑائچ اور سپرٹینڈنٹ راجہ زاہد محمود نے اس خواب کو نہایت محنت اور خوبصورتی سے تعبیر کیا۔ اٹک کی تمام تحصیلوں کے صاحبانِ قرطاس و قلم نے اپنی کتابوں سمیت بھرپور شرکت کی ۔شائقین کتب کی ایک کثیر تعداد نے کتاب دوستی کا ثبوت دیتے ہوئے بھرپور اور پر خلوص شرکت کی اور اس فروغ ادب کی کاوش کو خوب پزیرائی بخشی۔ زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے علم دوست عوام کی ایک کثیر تعداد نے میلے کی رونق کو دوبالا کیا، اکثریت نے اپنے تاثرات کے اظہار میں مندرجہ بالا تمام افراد کی دل کھول کر تعریف کی۔

پہلے کتاب میلے کی شاندار پذیرائی اور عوامی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے ضلعی انتظامیہ اور تحصیل میونسپل کمیٹی اٹک کے زیر اہتمام دوسرے سالانہ کتاب میلہ کا انعقاد 18 دسمبر 2022 بروز اتوار بلدیہ لان اٹک میں منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر اٹک حسن وقار احمد چیمہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیواعتزاز اسلم مارتھ ،ایڈمنسٹریٹر بلدیہ اٹک چیف آفیسر سردار آفتاب احمد خان کی خصوصی دلچسپی اور معروف قلم کاروں مشتاق عاجز، آغا جہانگیر بخاری، طاہر اسیر، سید مونس رضا، پروفیسر نصرت بخاری، ڈاکٹر شجاع اختر اعوان اور راجہ زاہد حسین کے خصوصی تعاون سے اس میلہ کا انعقاد ممکن ہوا۔ اس کتاب میلہ میں اٹک، راولپنڈی اسلام آباد اور آزاد کشمیر سے ادیبوں اور پبلشروں نے 45 کے قریب کتابوں کے اسٹال لگائے ۔کتاب میلے میں مقامی سکولوں ،کالجوں اور یورنیوسٹیوں کے طلبہ و طالبات کی ایک کثیر تعداد میں شرکت کی اور اپنی پسند کی کتابوں کی خریداری کی۔ میلے میں شریک مہمانوں نے اپنے تاثرات میں کہا کہ معاشرے میں کتاب سے محبت اور کتاب پڑھنے کی روایت کمزور ہوتی جارہی ہے۔ نئی نسل کو کتاب پڑھنے کی طرف راغب کرنے کی اشد ضرورت ہے، نئی نسل میں کتاب بینی کا شوق بڑھانے کے لیے کتاب میلہ لگانے کی انتہائی ضرورت ہے۔

28 نومبر 2023ء کو میونسپل کمیٹی اٹک اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے اٹک شہر میں ٹی ایم اے کے سبزہ زار میں تیسرے کتاب میلے کا اہتمام کیا گیا۔ حسب روایت اس کتاب میلے کے بھی محرک بھی اٹک شہر کے نامور ادیب ہی تھے جن کا ذکر خیر پہلے دو میلوں کی رُوداد میں کیا جا چکا ہے۔ اس کتاب میلہ کا افتتاح ڈپٹی کمشنر اٹک راؤ عاطف رضا نے کیا جبکہ ان کے ہمراہ ڈائریکٹر کامسٹیس یونیورسٹی اٹک ڈاکٹر جنید مغل، اسسٹنٹ کمشنر اٹک شگفتہ جبیں، چیف آفیسر بلدیہ اٹک سردار آفتاب احمد خان اور دیگر افراد بھی موجود تھے۔ کتاب میلہ میں ضلع اٹک کے مصنفین و پبلشرز کے علاوہ راولپنڈی اسلام آباد، جہلم، کشمیر، پشاور اور لاہور کے پبلشرز نے اپنی کتابوں کے اسٹال لگائے۔ ڈی سی اٹک نے کتابوں کے مختلف سٹالوں کا دورہ کیا۔ کتاب میلہ کے منتظمین نے انہیں میلے میں موجود مختلف اسٹالوں کا دورہ کروایا۔ اس موقع پر راؤ عاطف رضانے کہا کہ موجودہ نوجوان نسل سوشل اورڈیجیٹل میڈیا کے دور میں کتابوں سے دور ہوگئی ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ان کو کتاب کی طرف واپس لایاجائے تاکہ نوجوان نسل میں مثبت سوچ پروان چڑھے اوراس کی بدولت وہ ملک وملت کے لیے مفید ثابت ہوں۔ کتاب میلے کاانعقاد اس ضمن میں انتہائی احسن وقابل تعریف اقدام ہے جس سے موجودہ نسل کومطالعہ کی طرف راغب کیاجاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب کتاب میلہ کا انعقاد باقاعدگی سے کیا جائے گا ڈی سی اٹک نے کتاب میلہ کے منتظمین کی تعریف کرتے ہوئے ان کی کاوشوں کو سراہا اورامید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی ایسی مثبت سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ راؤ عاطف رضانے کہا کہ کتاب میلہ جیسے عظیم الشان تقریب میں شرکت ان کے لیے باعث اعزاز ہے۔

اٹک میں کتاب میلوں کے بڑھتے رُجحان کو دیکھتے ہوئے اٹک کی تحصیل فتح جنگ میں بھی کتاب میلے کی کمی کو محسوس کی گئی اور تحصیل انتظامیہ نے مقامی مخیر حضرات کے تعاون سے کتاب میلہ منعقد کرانے کا بیڑا اٹھایا اور یوں تحصیل فتح جنگ میں پہلی بارکتاب میلہ کا انعقاد کیا گیا جوکہ 21 مارچ 2022 بروز پیر میونسپل کمیٹی فتح جنگ کے لان میں منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر اٹک کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر فتح جنگ رائے خرم شہزاد بھٹی، چیف آفیسر عظمت فرید اور چوپال انٹرنیشنل کے سرپرست اعلیٰ معروف شاعر سردار اعجاز احمد خان ساحر کی نگرانی میں منعقدہ میلے میں ادبی، ثقافتی، قومی لٹریچر، نامور ادیبوں کی تمام اصناف ادب کی نمائش کی گئی۔ کتاب میلہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف آفیسرٹی ایم اے عظمت فرید نے کہا کہ انٹرنیٹ کے دور میں اپنے نوجوانوں کوکتب بینی کی طرف راغب کرنے کیلئے کتاب میلہ اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ چوپال کے سرپرست اعجاز احمد خان ساحر نے کہا کہ ہم اپنی آنے والی نسلوں کو کتب بینی کی اہمیت سے روشناس کرانے کیلئے کتاب میلے کا انعقاد کرنے پر ڈی سی اٹک، اے سی فتح جنگ اور دیگر انتظامیہ کے شکرگزار ہیں۔

الیکشن 2024۔عوام کسی مسیحا کے منتظر

تحریر: مختار اجمل بھٹی ایڈووکیٹ

اللہ تبارک وتعالیٰ کا فضل وکرم اور احسان ہے کہ اس نے ہمیں اپنے حبیب رسول اکرم ﷺ کے صدقے میں پاکستان کی صورت میں ایک ارض وطن عطا فرمایا اور یہ اسی کا اعجاز ہے کہ ہم ایک آزاد فضا میں زندگی گزار رہے ہیں قائداعظم کی بصیرت کے باعث ایک مملکت وجود میں آتو گئی اب اس کی نشوونما وپرداخت کی ذمہ داری ہماری تھی لیکن ہم اس ذمہ داری کو اس طرح انجام نہیں دے سکے جس طرح کا حق تھا قیام پاکستان کے بعد نظام مملکت کے حوالے سے بہت سے تجربات کیے گئے کبھی جمہوری حکومتیں بنیں اور کبھی مارشل لاء کے ذریعے ملکی نظم ونسق چلانے کی کوششیں کی گئیں اپنے اقتدارکودوام بخشنے کے لیے اداروں کی سربراہی نااہل اور من پسند افرادکو سونپی گئی جوناصرف خود اس بہتی گنگا میں نہاتے رہے بلکہ اپنے آقاؤں کی خوشنودی کے لیے ہر وہ کام کیا جوکہ خلاف قانون اور آئین تھا اوراس طرح اداروں کی تنزلی کا ایسا سلسلہ شروع ہواجوکہ آج تک جاری ہے نام نہاد ماہرین شعبہ جات کی غلط پالیسیوں کی بدولت پاکستانی عوام مشکل صورت حال سے دوچار ہے مافیا کی سرپرست بیوروکریسی اوران کی جانب سے رائج کردہ عوامی بہبود سے کوسوں دور پالیسیوں نے عوام پرعرصہ حیات تنگ کردیاہے اورلوگ بجلی گیس، بیروزگاری اورمہنگائی کے باعث خودکشیاں کرنے پرمجبور ہیں

ملک میں ایک بارپھر عام انتخابات کا طبل بج چکاہے سیاسی پارٹیوں نے خوش کن نعروں کے ساتھ اپنے امیدواران انتخابات میں اتاردیے ہیں پاکستان کونوازدو، چنونئی سوچ کو، ظلم کا بدلہ ووٹ سے ، بلاتفریق احتساب اوراسلامی نظام کا نفاذسمیت مختلف سلوگن اورشہد ودودھ کی نہریں بہاتے منشور لیے سیاسی پارٹیاں عوام کے نام پر عوامی طاقت کا راگ الاپتے ایک بارپھر اقتدار کے حصول کے لیے کوشاں ہیں ابھی کل کی بات ہے کہ پٹرول کی قیمت میں 13روپے55پیسے فی لٹر اضافہ کیاگیاجبکہ دوروزقبل کے اخبارات کی خبرکہ بجلی 5روپے 62پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان، صارفین پر50ارب کا بوجھ پڑے گا۔ پٹرول گیس اوربجلی کی مد میں کئی ارب کا بوجھ ہر ماہ عوام برداشت کرتی چلی آرہی ہے لیکن عوام کی مشکلات ومصائب میں ابھی تک کمی نہیں آسکی عوام کو خوشحالی نصیب ہوئی اورنہ ہی ملک وقوم کی تقدیربدلی البتہ ملک وقوم کی تقدیربدلنے کے دعویداروں کی نسلیں سدھرگئیں انہوں نے ناصرف خود اقتدارکے مزے لوٹے بلکہ ان کے خاندانوں نے بھی اس سٹیٹس کوانجوائے کیا اب ایک بارپھر انہیں عوام کی یادستاری ہے اوروہ عوام کو سبزباغ دکھانے کے لیے اپنے مشیروں کے ساتھ جلسے ،جلوسوں، ریلیوں، کارنرمیٹنگز اورمیڈیا ٹاک شوز میں جلوہ فگن ہیں اوراپنی شعلہ بیانی کے مظاہرے کرتے نظر آرہے ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ ایک باکردار، باشعور، اہل، دیانتدار، مخلص اورمحب وطن قیادت ہی ملک کو معاشی طور پر مستحکم اورعوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کرسکتی ہے لیکن افسوس ہماری نیتوں میں کھوٹ اوراخلاص میں کمی ہے 76سال قبل ایک ہی دن آزاد ہونے والی دوریاستوں میں سے ایک آج دنیا کی چوتھی بڑی معیشت ہے جوابی گاڑیوں کو الیکٹرک پرمنتقل کرچکے ہیں جبکہ ہم آئے دن بجلی مہنگی کرنے کے باوجوداندھیروں میں ڈوبے ہوئے ہیں ابھی توسردیوں کاموسم ہے کوئی خبرنہیں کہ کس وقت بجلی چلی جائے جبکہ بیشترعلاقوں میں گیس کے بھاری بل تو آتے ہیں لیکن گیس نہیں ہوتی۔ ملک کے ناخداؤں اورمدبروں کا یہ حال ہے کہ آئی ایم ایف سے قرضہ ملنے پرقوم کومبارکبادیں دی جاتی ہیں اوراخبارات میں اشتہارلگائے جاتے ہیں وہ لوگ جوکل تک اقتدارمیں اکٹھے تھے آج ایک دوسرے کے خلاف ناصرف الیکشن لڑرہے ہیں بلکہ پاکستان کے موجودہ حالات کا ذمہ دارایک دوسرے کو ٹھہرا رہے ہیں عوامی خیرخواہی اورملکی تقدیربدلنے کے دعویداروں سے کوئی پوچھ سکتا ہے کہ ملک کی موجودہ صورتحال اورعوامی کسمپرسی کا ذمہ دارکون ہے؟۔ پاکستانی عوام بھی مست ملنگ ہیں ایک حکومت کے خاتمے پرسکھ کا سانس لیتے ہیں کہ آنے والی حکومت شاید ان کے دکھوں کا مداواکرے، مارشل لاء کا استقبال صرف اس لیے کرتے ہیں کہ شایدان کی تکالیف ومصائب میں کچھ کمی آسکے۔کبھی وہ روٹی کپڑامکان اوراسلامی سوشلزم کوقبول کرلیتے ہیں توکبھی قرض اتاروملک سنواروکا نعرہ لگانے والوں پراپناسب کچھ دان کردیتے ہیں اورکبھی مدینہ کی ریاست بنانے کے دعویدارکو اپنا رہنما مان لیتے ہیں لیکن بدامنی ،بدحالی ،معاشی عدم استحکام اورآئی ایم ایف کی گداگری ہی ہمارامقدرٹھہرتی ہے پٹرول، بجلی اورگیس کے بلوں کے گرداب میں پھنسے ،آٹے چینی پیازٹماٹر کے لیے رلتے عوام ذلت وخواری کی زندگی گزارنے پرمجبور ہیں

ملک میں ایک بارپھر دہشت گردی کا سلسلہ شروع ہوچکاہے ہماری بہادرافواج اس عفریت کامردانہ وارمقابلہ کررہی ہیں اور قوم کے بہادرسپوت اس ناسورکو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کررہے ہیں صرف ایک ہی نکتہ ہے جس پر سب متفق ہیں اوروہ ملکی استحکام اورسالمیت ہے اللہ کرے الیکشن 2024 کا معرکہ بخیریت گزرجائے ۔یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ پاکستان آج دنیا کی ساتویں اورمسلم امہ کی پہلی ایٹمی طاقت ہے ملکی سلامتی و بقاء کے ضامنوں، انصاف کی کرسیوں پر براجمان منصفین ،اونچے ایوانوں میں بیٹھے قانون سازوں، ملکی معاملات کا فیصلہ کرنے والے مقتدراروں، اہل دانش اورمحب وطن شہریوں کو سوچناہوگا کہ تمام ترمشکلات کے باوجود پاکستان ایٹمی قوت توبن گیالیکن کیا وجہ ہے کہ 76سال گزرجانے کے باوجود باوقار، خوشحال، اورترقی یافتہ پاکستان نہیں بن سکے۔عوام اس باربھی خوش فہمی میں مبتلاہیں کہ شاید کچھ نیا ہوجائے ۔اللہ کرے ایسا ہی ہو، پاکستان کوایک اہل قیادت مل جائے

این اے123 کی انتخابی صورتحال

تحریر: سجاد علی شاکر

این اے 123 کی کل آبادی 9لاکھ 11ہزار608 ہے جن میں خواتین ووٹرزکی تعداد1لاکھ 83ہزار46 ہے، مردووٹرزکی تعداد2لاکھ 21ہزار756 ہے۔ این اے 123 میں 8فروری2024ء کے دن ٹوٹل 4لاکھ 4ہزار802ووٹرزاپنے نمائندے کا انتخاب کریں گے، لاہور کے دیہی علاقوں پر مشتمل ملے جلے نظریات رکھنے والے دس فیصد مڈل کلاس، پانچ فیصد امیرترین اور باقی85 فیصدغریب آبادی والے اس حلقے میں نظریات سے زیادہ ذات برادری، قوم قبیلے کی اہمیت ہے۔ حلقے کی بڑی برادریوں میں میو برادری، رحمانی برادری، جٹ برادری، ملک برادری، انصاری برادری اورچوہان برادری شامل ہیں ۔ماضی کے انتخابات میں اس حلقے سے زیادہ تر پاکستان مسلم لیگ ن، پاکستان پیپلزپارٹی کے امیدوار کامیاب ہوتے آئے ہیں جبکہ جنرل پرویزمشرف کے دورحکومت میں پاکستان مسلم لیگ ق کے امیدواربھی کامیاب ہوچکے ہیں۔ گزشتہ الیکشن 2013ء اور2018ء یہاں سے پاکستان مسلم لیگ ن کے اُمیدوار میاں شہبازشریف نے قومی وصوبائی اسمبلی کی سیٹوں پر کامیابی حاصل کی۔ ضمنی الیکشن میں باوجوداس کے کہ مرکز اورصوبے میں پی ٹی آئی کی حکومتیں بن چکی تھیں پی پی 165 سے پاکستان مسلم لیگ ن کے ٹکٹ پرملک سیف الملوک کھوکھر نے پی ٹی آئی کے چوہدری منشاء سندھو کو باآسانی شکست سے دوچار کرکے کامیابی حاصل کی ،موجودہ الیکشن 2024ء میں بھی قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 123 اورصوبائی حلقہ پی پی 158 سے پاکستان مسلم لیگ ن کے صدرمیاں محمد شہبازشریف اُمیدوار ہیں ان کے مقابلے میں پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ افضال عظیم پاہٹ، جماعت اسلامی کے لیاقت بلوچ، تحریک لبیک پاکستان کی جانب سے امجدنعیم سیفی، پاکستان پیپلزپارٹی کے محمد ضیاء الرحمان، راشدمحمود ایم یم ایل، محمدزاہد بشیر، عبدالصمدخان، تنسیم افضال پاہٹ، ارشدحسین، میاں محمدسلیم، جے یوآئی ف کے حیدرعلی، عاطف عطاپی ٹی ای کی جانب سے، لطیف احمدحسین پی اے ٹی کے ٹکٹ پر قسمت آزمائی کررہے ہیں پنجاب اسمبلی کے حلقوں میں پاکستان مسلم لیگ ن کے میاں شہبازشریف پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ حاجی یوسف میو آزاد امیدوار کی حیثیت سے، تحریک لبیک پاکستان کے ٹکٹ پر امجدنعیم سیفی، جماعت اسلامی کے چوہدری اعجاز، پاکستان پیپلزپارٹی کے مصطفےٰ جٹ، سیدعمران شریف اوردیگرآزادامیدوارمیدان میں ہیں

۔9لاکھ 11ہزار608 آبادی والے اس حلقے کے گنجان آبادعلاقہ کاہنہ کو حلقے کے مرکز کی حیثیت حاصل ہے، کاہنہ سے چلنے والی سیاسی ہوا اردگرد کے تمام علاقوں میں رائے عامہ پراثرانداز ہوتی ہے، کاہنہ اورگردنواح کے دیرینہ اورسنجیدہ مسائل میں پینے کاصاف پانی، سوئی گیس وبجلی کی عدم فراہمی اوراضافی لوڈشیڈنگ، تعلیم وصحت کی معیاری سہولیات کی کمی، نادرآفس کی مین برانچ، پارک، کھیل کے میدانوں کا نہ ہونا اورقبرستانوں میں توسیع کیلئے زمین کی عدم دستیابی ہیں۔ کئی جگہ سیوریج اورپی سی سی کی تعمیرومرمت کے مسائل بھی توجہ طلب ہیں۔ الیکشن 2024ء کے انتخابات میں پی ٹی آئی کی عدم شرکت کے بعد یہاں سے پاکستان مسلم لیگ ن کے میاں شہبازشریف ۔رحمانی، میو، جٹ، ملک اورانصاری برادری کی اکثریت کی سپورٹ حاصل کرنے میں کامیاب ہوتے دکھائی دیتے ہیں جبکہ پاکستان مسلم لیگ ن کانظریاتی ووٹ بینک اپنی جگہ قائم ہے، یہاں تحریک لبیک پاکستان کے نظریاتی ووٹ بینک میں ماضی کے مقابلے خاصہ اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے جس کی بدولت تحریک لبیک پاکستان کے اُمیدواردوسری پوزیشن حاصل کرسکتے ہیں، حلقے کی مجموعی صورتحال کے مطابق یہاں کسی بڑے سرپرائزکی توقع نہیں کی جاسکتی ۔حلقے کی اکثریت کا یہی خیال ہے کہ یہاں سے پاکستان مسلم لیگ ن کے اُمیدوارمیاں شہبازشریف باآسانی کامیاب ہوجائیں گے، حلقہ کے عوام کی اکثریت میاں شہبازشریف سے یہ شکوہ کرتی ہے کہ انہوں نے ماضی میں کبھی بھی اپنے انتخابی حلقے کو اس قدرتوجہ نہیں دی جتناحق بنتاہے، جس حلقے کاایم پی اے وزیراعلیٰ بنے، جس حلقے کاایم این اے وزیراعظم بنے وہاں پینے کے صاف پانی، سیوریج ،قبرستانوں کی توسیع ،سوئی گیس، نادرا آفس، پارک اور کھیل کے میدان جیسے مسائل کاحل ہوجاناچاہیے تھا، کاہنہ کے عوام کو پاکستان مسلم لیگ ن سے ایک شکوہ یہ بھی سامنے آیا ہے کہ پارٹی نے کبھی بھی مقامی پارٹی ورکرکو پارٹی ٹکٹ نہیں دیا۔ لوگ کہتے ہیں میاں شہبازشریف تک حلقے کےعوام کی رسائی ممکن نہیں ، یہاں کے تمام معاملات این اے 124 سے پاکستان مسلم لیگ ن کے امیدواررانا مبشراقبال ہی دیکھتے ہیں۔ اہل علاقہ کوامید ہے کہ عام انتخابات میں کاہنہ کے کسی ورکرکوٹکٹ نہیں ملاتوضمنی الیکشن میں ضرورملناچاہیے، کاہنہ سے پاکستان مسلم لیگ ن کے ٹکٹ کے امیدواروں میں سرگرم کارکن اصغرمجیدآف مجوکہ، ملک جاویداقبال، رمضان مستانہ، ملک فاروق کھوکھر اوردیگرشامل ہیں۔ اہل حلقہ کا کہنا ہے کہ میاں شہبازشریف کی پارٹی اورملکی ذمہ داریاں انتہائی زیادہ ہیں جس کی وجہ سے وہ اپنے انتخابی حلقے پرتوجہ نہیں دے سکتے لہٰذا مقامی رہائشی نمائندے علاقے کے مسائل کوزیادہ توجہ دے سکتے ہیں

این اے 123 کی کل آبادی 9لاکھ 11ہزار608 ہے جن میں خواتین ووٹرزکی تعداد1لاکھ 83ہزار46 ہے، مردووٹرزکی تعداد2لاکھ 21ہزار756 ہے۔ این اے 123 میں 8فروری2024ء کے دن ٹوٹل 4لاکھ 4ہزار802ووٹرزاپنے نمائندے کا انتخاب کریں گے، لاہور کے دیہی علاقوں پر مشتمل ملے جلے نظریات رکھنے والے دس فیصد مڈل کلاس، پانچ فیصد امیرترین اور باقی85 فیصدغریب آبادی والے اس حلقے میں نظریات سے زیادہ ذات برادری، قوم قبیلے کی اہمیت ہے۔ حلقے کی بڑی برادریوں میں میو برادری، رحمانی برادری، جٹ برادری، ملک برادری، انصاری برادری اورچوہان برادری شامل ہیں ۔ماضی کے انتخابات میں اس حلقے سے زیادہ تر پاکستان مسلم لیگ ن، پاکستان پیپلزپارٹی کے امیدوار کامیاب ہوتے آئے ہیں جبکہ جنرل پرویزمشرف کے دورحکومت میں پاکستان مسلم لیگ ق کے امیدواربھی کامیاب ہوچکے ہیں۔ گزشتہ الیکشن 2013ء اور2018ء یہاں سے پاکستان مسلم لیگ ن کے اُمیدوار میاں شہبازشریف نے قومی وصوبائی اسمبلی کی سیٹوں پر کامیابی حاصل کی۔ ضمنی الیکشن میں باوجود اس کے کہ مرکز اور صوبے میں پی ٹی آئی کی حکومتیں بن چکی تھیں پی پی 165 سے پاکستان مسلم لیگ ن کے ٹکٹ پرملک سیف الملوک کھوکھر نے پی ٹی آئی کے چوہدری منشاء سندھو کو باآسانی شکست سے دوچار کرکے کامیابی حاصل کی

کشمیریوں کے خون سے لکھی تاریخ

ڈاکٹر جمشید نظر

دنیا میں دو ایسے مسائل ہیں جو 75 سال سے حل طلب ہیں، ان میں ایک مسئلہ فلسطین ہے اور دوسرا مسئلہ کشمیر ہے۔ مقبوضہ کشمیر کو بھارت کے غیر قانونی تسلط سے آزاد کرانے کے لئے پاکستان 5 فروری سن 1991 سے ہر سال باقاعدہ یوم یکجہتی کشمیر مناتا ہے۔ اس سال بھی یہ مقبوضہ کشمیر کے ساتھ بھرپور یکجہتی اور جوش و جذبے کے ساتھ منایا جائے گا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق آزادی پسند جماعتوں کی جانب سے مقبوضہ وادی کے مختلف علاقوں میں پوسٹرز آویزاں کئے گئے ہیں جن پر یہ پیغامات درج ہیں’’گو انڈیا گو بیک، 5 فروری کو یوم یکجہتی منانے پر پاکستان کے شکرگزار ہیں‘‘ نریندر مودی کی حکومت جس طرح بھارت میں مسلمانوں کے مقدس مقامات اور مساجد کی جگہ مندر بنانے کے مشن پر عمل پیرا ہے اسی طرح مقبوضہ کشمیر میں بھی کیا جارہا ہے۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق مودی حکومت نے چند ماہ کے دوران مقبوضہ کشمیر کے 3 3 کالجز، سکولز اور سڑکوں کے نام تبدیل کرکے انھیں ہندو ناموں سے منسوب کردیا ہے جبکہ اس سے قبل بے شمار تعلیمی اداروں، سڑکوں اور اہم مقامات کے نام بھی تبدیل کئے جاچکے ہیں دوسری جانب مسلمانوں کی املاک پر ناجائز قبضے کئے جارہے ہیں جبکہ آزادی کی آواز بلند کرنے والے رہنماوں اور مظلوم کشمیری نوجوانوں کو جیلوں میں بند کرکے شدید تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ تجزیہ نگاروں کے مطابق جیلوں میں قید کشمیری رہنماوں کو سلو پوائزن دیا جارہا ہے۔ نئی دلی کی بدنام زمانہ تہاڑ جیل میں قید جموں و کشمیر لبریشن فرنٹ کے سربراہ محمد یاسین ملک کے ساتھ جیل میں نجانے کیا سلوک کیا جارہا ہے کہ ان کی صحت دن بہ دن بگڑتی جارہی ہے ۔یاسین ملک کو دل کا عارضہ اور گردوں کے مسائل ہوگئے ہیں اور جب ان کے علاج کے لئے ان کی والدہ نے عدالت سے رجوع کیا تو جیل حکام نے عدالت میں جھوٹا بیان جمع کروادیا کی یاسین ملک اپنا علاج نہیں کروانا چاہتے ۔مقبوضہ کشمیر کی کٹھ پتلی عدالت نے کیس کی سماعت 14 فروری تک ملتوی کردی ہے۔ سیاسی تجزیہ نگاروں کا کہنا ہے کہ مودی حکومت رواں برس بھارت میں ہونے والے عام انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے کی خاطر یاسین ملک کوسزائے موت دلانے کی تاک میں ہے۔

مودی نے مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں پر جومظالم ڈھائے ہیں اس پر انڈیا کے ہندوسیاسی رہنماوں نے بھی اسے مودی حکومت کی ناکامی قرار دیا ہے۔ انڈین نیشنل کانگریس کے رہنما راہول گاندھی کا کہنا تھا کہ وزیراعظم نریندرمودی نے کشمیر میں دفعہ 370اور 35اے کومنسوخ کرکے ایک بڑی تزویراتی (اسٹریٹیجک) غلطی کی ہے۔ راہول گاندھی کا کہنا تھا کہ بھارت کا تزویراتی ہدف یہ ہونا چاہیے تھا کہ وہ چین اور پاکستان کو ایک دوسرے سے دور رکھتا لیکن نریندرمودی نے جو کچھ کیا اس سے دونوں ملک مزید قریب آگئے ہیں جو بھارت کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے ۔راہول گاندھی نے اس بات کا بھی اعتراف کیا تھا کہ ان کا ملک (انڈیا) کمزور ہوچکا ہے۔ اسی طرح بھارتی ریاست تامل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ’’ایم کے سٹالن‘‘ نے 37 مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماوں کو ایک خط لکھ کر خبردار کیا تھا کہ بھارت کو کٹرپن ، تعصب اور مذہبی بالادستی کے خطرے کا سامنا ہے اس لئے مودی حکومت ہر شخص کو یکساں معاشی ، سیاسی اور معاشرتی حقوق و مواقع فراہم کرے ۔ مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے اور اس کے فوری تصفیہ کے لئے کشمیری نوجوانوں نے ’’کشمیری ای میل مہم‘‘ شروع کرنے کا علان کیا ہے جس کے تحت اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری کو 10 لاکھ ای میلز بھیجی جائیں گی جن میں کشمیریوں کو حق خود ارادیت دلوانے کا مطالبہ کیا جائے گا۔

بھارتی وزیراعظم نریندرمودی نے اپنے دورہ حکومت کے دوران اب تک مقبوضہ کشمیر اور بھارت میں رہنے والے مسلمانوں پر جومظالم ڈھائے ہیں وہ تاریخ کے بدترین دن بن چکے ہیں خصوصا سال 2019 کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا کیونکہ اس سال ایک طرف دنیا بھر میں کورونا کی وباء نے جنم لیا تو دوسری جانب اسی سال نریندر مودی کی گھناونی سازش نے جنم لیا جس کے تحت مقبوضہ کشمیر میں جبری کرفیولگا کراس کی خصوصی حیثیت کوختم کردیا گیا۔ بدلتی ہوئی سیاسی جغرافیائی صورتحال میں دیرینہ تنازعہ کشمیر کا باوقار اور پرامن حل ناگزیر ہے جس کے لئے بھارتی قیادت کوسنجیدگی اور تدبر کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کے ساتھ بامعنی مذکرات کے عمل کوآگے بڑھانا ہوگانہیں تو خطہ میں ایٹمی جنگ کے بادل چھائے رہیں گے ۔

۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق آزادی پسند جماعتوں کی جانب سے مقبوضہ وادی کے مختلف علاقوں میں پوسٹرز آویزاں کئے گئے ہیں جن پر یہ پیغامات درج ہیں’’گو انڈیا گو بیک، 5 فروری کو یوم یکجہتی منانے پر پاکستان کے شکرگزار ہیں‘‘ نریندر مودی کی حکومت جس طرح بھارت میں مسلمانوں کے مقدس مقامات اور مساجد کی جگہ مندر بنانے کے مشن پر عمل پیرا ہے اسی طرح مقبوضہ کشمیر میں بھی کیا جارہا ہے۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق مودی حکومت نے چند ماہ کے دوران مقبوضہ کشمیر کے 3 3 کالجز، سکولز اور سڑکوں کے نام تبدیل کرکے انھیں ہندو ناموں سے منسوب کردیا ہے جبکہ اس سے قبل بے شمار تعلیمی اداروں، سڑکوں اور اہم مقامات کے نام بھی تبدیل کئے جاچکے ہیں دوسری جانب مسلمانوں کی املاک پر ناجائز قبضے کئے جارہے ہیں جبکہ آزادی کی آواز بلند کرنے والے رہنماوں اور مظلوم کشمیری نوجوانوں کو جیلوں میں بند کرکے شدید تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ تجزیہ نگاروں کے مطابق جیلوں میں قید کشمیری رہنماوں کو سلو پوائزن دیا جارہا ہے۔ نئی دلی کی بدنام زمانہ تہاڑ جیل میں قید جموں و کشمیر لبریشن فرنٹ کے سربراہ محمد یاسین ملک کے ساتھ جیل میں نجانے کیا سلوک کیا جارہا ہے کہ ان کی صحت دن بہ دن بگڑتی جارہی ہے ۔

بقیہ جات 1

کے لیے جماعت اسلامی ہی آپشن ہے۔ انہوں نے انتخابی مہم کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک پر پچیس پچیس سال تک حکمرانی کرنے والے مزید اقتدار کے خواہش مند ہیں، یہ بتائیں وزارت عظمیٰ کی کرسی ان کے پاس رہی، انھوں نے قوم کے لیے کیا خدمات سرانجام دیں؟ ان کی وجہ سے ملک پر 80ہزار ارب کا قرضہ ہے، پونے تین کروڑ بچے سکولوں سے باہر ہیں، ہر پانچواں پاکستانی مضرصحت پانی پینے سے بیمار ہے، لاکھوں نوجوان ڈپریشن کا شکار ہو کر نشے کے عادی ہو گئے، انھوں نے ملک پر سودی قرضوں اور آئی ایم ایف کو مسلط کیا۔ ذبیح اللہ بلگن نے کہا کہ قوم اگر سودی معیشت سے نجات چاہتی ہے تو انہیں سب سے پہلے سودخور حکمرانوں سے نجات حاصل کرنا ہوگی۔ ترازو پر مہر لگائیں، ہم پاکستان کو اسلامی نظام معیشت دیں گے، وسائل کی منصفانہ تقسیم ہوگی، احتساب کا کڑا نظام متعارف کرائیں گے۔ قوم ترازو کو ووٹ دے کر اسلامی پاکستان کی بنیاد رکھے۔

بقیہ جات 2

کے لئے نواز شریف کا ساتھ دینا ہو گا، خالق نگر، دولو خورد مسلم لیگ ن کا گڑھ ہے جہاں سے ہر الیکشن پر مسلم لیگ ن ایک بڑے مارجن سے کامیاب ہوئی، ان کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ ن ہی پاکستان میں خوشحالی لائے گی، بے روزگاری ختم کرے گی اور مہنگائی کو کنٹرول کر کے نیا پاکستان بنانے والوں کی غلطیاں سدھارے گی۔ حاجی اضرار علی کھوکھر نے کہا کہ ماضی کے ساڑھے تین سالہ دور اقتدار کے دوران بنائی گئی پالیسیوں کی وجہ سے آنیوالے مہنگائی کے طوفان کو صرف میاں نواز شریف ہی قابو کر سکتے ہیں اور چوتھی بار وزیراعظم بننے کے بعد پاک وطن میں ترقی، خوشحالی کے نئے دور کا آغاز جبکہ بیروزگاری کو جڑ سے اکھاڑ باہر پھینکا جائیگا، انہوں نے کہا کہ قوم مسلم لیگ (ن) کے سابق ادوار میں ہونیوالے قومی میگا پراجیکٹس اور گراس روٹ لیول پر ترقی کے عمل سے واقف ہیں 8 فروری کو مسلم لیگ ن واضح اکثریت سے برتری حاصل کر کے قومی اور چاروں صوبوں میں حکومت بنائیگی۔

بقیہ جات 3

اسحاق، چوہدری خاور، چوہدری عامر، حاجی شاہد، چوہدری محمد اقبال نے شرکت کی، تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری شکیل جٹ نے کہا کہ ہمیشہ پارٹی پالیسی اور قائدین کے فیصلوں کا احترام کیا ہے، میں بھی این اے 103 کا امیدوار تھا مگر قائد میاں محمد نواز شریف نے NA103 سے حاجی اکرم انصاری کے حق میں فیصلہ دیا، میں اپنے قائد میاں محمد نواز شریف کے ساتھ کھڑا ہوں اور ان کے فیصلے کو تسلیم کرتے ہوئے خود کو حاجی اکرم انصاری کے حق میں دستبردار ہوتا ہوں، آج سے میں اپنے گروپ کے ہمراہ حاجی اکرم انصاری کی انتخابی کمپین کریں گے اور انہیں کامیاب کروائیں گے، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حاجی اکرم انصاری نے چوہدری شکیل جٹ کے جذبے کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ جو لوگ پارٹی کے فیصلوں کا احترام کرتے ہیں پارٹی بھی ان کو ان کا جائز مقام دیتی ہے، انشاء اللہ اگر میں کامیاب ہوا تو NA103 کا ایم این اے چوہدری شکیل جٹ ہی ہوگا۔

بقیہ جات 4

خیال کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار سے سی ای او محمد علی لوسفرٹی، مرکزی چیئرمین رانا غلام نبی، مرکزی سینئر وائس چیئرمین عابد وزیر، ارم سلیم، مصباح وکیل، بادشاہ خان، فوزیہ ملک، سید علی حسین شاہ، محمد نظیر خان اور دیگر نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ ہیومن رائٹس پروٹیکشن اینڈ سوشل جسٹس کے پلیٹ فارم کا مقصد معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کو انصاف اور بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی کیلئے آواز بلند کرنا ہے، اس پلیٹ فارم کے ذریعے کئی مستحق افراد کی دادرسی کی گئی ہے۔ مقررین نے کہا کہ یہ انتہائی خوش آئند ہے کہ اس پلیٹ فارم سے مستحق افراد کی زندگیوں میں آسودگی لانے کے لئے بھی اقدامات کئے جارہے ہیں۔

بقیہ جات 5

والے کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنا ہے وہیں دنیا کو ایک واضح پیغام بھی دینا ہے کہ پاکستانیوں اور کشمیریوں کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن عالمی برادری کے ضمیر کو جھنجھوڑنے کیلئے بھی نہایت اہم ہے کہ وہ بھارتی ظلم وتشدد دہرا اپنی آنکھیں بند کرنے کی بجائے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل کرواتے ہوئے اس دیرینہ مسئلے کو عمل کروانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے کشمیری بہن بھائیوں کیلئے ہر سطح پر اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے ہوئے ہے۔ پاکستان کا ایک ہی اصولی موقف رہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل کیا جائے کیونکہ یہ علاقائی تنازعہ نہیں بلکہ کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کا مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 7 دہائیوں سے معصوم اور نہتے کشمیریوں پر ظلم و بربریت کا سلسلہ جاری ہے اور بھارتی مظالم کی دنیا میں مثال نہیں ملتی۔ آر ایس ایس کے دہشتگردانہ نظریات پر چلنے والے نریندر مودی اور بھارتی فوج کا جبر کشمیریوں کے جذبہ آزادی کو نہیں کچل سکتا اور تمام تر مشکلات کے باوجود کشمیریوں کی جدوجہد آزادی انشاء اللہ کامیاب ہوگی۔

بقیہ جات 6

کے دوران عوام پریشان حال ہیں لیکن میئر کی جانب سے کسی قسم کے کوئی انتظامات نہیں کیے گئے، بارش میں نئی تعمیر شدہ سڑکیں اور سیوریج کا نظام مکمل تباہ ہوگیا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ جماعت اسلامی کے بلدیاتی نمائندے رات بھر سڑکوں پر موجود رہے، ہمارے ٹاؤن کے نمائندوں نے بہت سے علاقوں کو کلیئر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ موسمیات کی جانب سے بارش کی پیش گوئی کے باوجود نالوں کی صفائی کا کوئی انتظام نہیں کیا گیا، عوام عام انتخابات سے قبل پیپلز پارٹی کی کراچی کو پیرس بنانے کی دعوی کی حقیقت دیکھ لیں۔ ان کا کہنا ہے کہ منصوبوں میں 70 فیصد کرپشن ہوتی ہے، 30 فیصد میں کیا کام ہوگا؟ رات شہر میں 52 ملی میٹر بارش ہوئی، شہر ڈوب گیا، جس سے پی پی کی کارکردگی سامنے آگئی، پی پی اربوں روپے الیکشن مہم پر لگا رہی ہے۔ امیر جماعت اسلامی کراچی کا کہنا ہے کہ پوری شارع فیصل ڈوبی ہوئی تھی، رات تین تین بجے تک لوگ اپنے گھر پہنچے، کے ایم سی نے ذمہ داری ادا نہیں کی، البتہ ہمارے چیئرمین اور کونسلر سڑکوں پر موجود رہے، جو ہدایت سے پہلے ہی سڑکوں پر کھڑے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پیپلز پارٹی کے ساتھ جرم میں شریک ہے، جس نے مینڈیٹ وڈیروں کو بیچا۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ آر اوز، ڈی آر اوز کے ذریعے کسی کو جیتنے نہیں دیں گے، ایم کیو ایم دعویٰ کرتی تھی کسی کی حمایت کی ضرورت نہیں، آج 10 جماعتوں کی حمایت کے بعد بھی کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ امیر جماعت اسلامی کراچی، حافظ نعیم الرحمٰن نے یہ بھی کہا ہے کہ بارش کے باعث بجلی کے 120 فیڈر ٹرپ ہوئے، ایک بارش نے سب کو بے نقاب کر دیا۔

بقیہ جات 7

زخمیوں کو نکال لیا گیا جب

بقیہ جات 8

2017 تک انتھک محنت سے ملک سے لوڈشیڈنگ کا خاتمہ پاور پلانٹس لگائے، تین بار نکالے جانے کے باوجود نواز شریف نے کبھی قومی سلامتی کو داؤ پر نہیں لگایا۔ افضل کھوکھر نے کہا کہ عالمی میڈیا اب تک نواز شریف حکومت کی معاشی کارکردگی کا معترف ہے، امریکی جریدے نے گزشتہ 30 سال میں نواز شریف کا دورہ بہترین قرار دیا ہے، 8 فروری اسی کارکردگی کو واپس لانے کا دن ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نواز شریف نے گیا وقت واپس لانے یعنی وقت کا پہیہ الٹا گھمانے کا تہیہ کر لیا ہے، اچھا دور پھر آئے گا۔ 8 فروری کو شیر پر مہر لگائیں اور مستقبل محفوظ بنائیں۔

بقیہ جات 9

سے ملنے والی محبت دراصل ہماری کامیابی کی نوید ہے کامیاب ہو کر علاقے کی تعمیر وترقی میں مثبت کردار ادا کریں گے آپ لوگوں کا شکریہ آپ نے عزت بخشی اور اعتماد کا اظہار کیا عوام 8 فروری کو ملک کی قسمت سے چلنے والوں کا کڑا احتساب کریں گے شیر کا نشان مضبوط خوشحال پاکستان کی علامت ہے میاں محمد نواز شریف وزیراعظم بن کر ترقی کا سفر وہیں سے شروع کریں گے جہاں سے روکا گیا تھا آپ کا جوش اور جذبہ دیکھ کر معلوم ہو گیا آپ نے اپنا فیصلہ سنا دیا ہے انشاء اللہ جیت ہماری ہو گی شیر کی جیت ہو گی الحمدللہ معززین علاقہ سمیت مختلف برادریوں کی طرف سے ہماری حمایت کر کے ہمارے حوصلے بڑھا دیے اپنی آنے والی نسلوں کو محفوظ بنانے کے لیے عوام شیر کے نشان پر مہر لگائیں ہم عوام سے کیے گئے وعدے پورے کریں گے۔

بقیہ جات 10

انجینئر خالد کیپو عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مودی سرکار نے مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں پر ظلم کے پہاڑ توڑ ڈالے ہیں عالمی برادری مقبوضہ کشمیر کا مسئلہ ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کرے کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت دلوانے کیلئے جے یو آئی (س) ہر فورم پر آواز بلند کر رہی ہے، بھارتی مظالم پر اقوام عالم کی خاموشی مجرمانہ غفلت سے کم نہیں۔

بقیہ جات 11

میاں عبدالغفار نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض، سینئر ممبر چوہدری امانت بشیر، محمد آصف سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ تمام صوبوں میں خصوصاً پنجاب اور خیبر پختونخواہ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کو واضح ہدایات جاری کی جائیں کہ وہ کسی بھی سیاسی جماعت کے خلاف فریق نہ بنیں جیسا کہ ایک عمومی تاثر موجود ہے کہ نگران حکومت بھی اپنا مثبت کردار ادا کرے اور پارٹی نہ بنے کیونکہ صاف شفاف الیکشن سے ہی ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام ممکن ہو سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات کے بعد بڑی سیاسی جماعتوں کیلئے اپنے اعلان کردہ انتخابی منشور اور وعدوں پر عمل کرنا آسان کام نہیں ہوگا کیونکہ ملک معاشی طور پر انتہائی تنزلی کا شکار ہے، وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو اپنے اخراجات میں کمی کرنا ہوگی، معیشت کو بحال کرنے کیلئے ایمرجنسی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا۔

بقیہ جات 12

مطابق الحمرا میلوڈیز کی کامیابی اس کے تسلسل سے ممکن ہوئی، ہم عوام کے الحمرا میلوڈیز کی پذیرائی کرنے پر بے پناہ شکر گزار ہیں۔ الحمرا فنون لطیفہ کی پرموشن کے لئے نئے نئے اقدام اٹھا رہا ہے۔ الحمرا کے پروگرامز میں نئی نئی جہتیں متعارف کروائی جارہی ہیں۔

بقیہ جات 13

کرتے ہوئے کیا۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ ایف بی آر کی جانب سے آگاہی نہ دینے کی وجہ سے ریٹیلرز کے حوالے سے ٹیکس اسکیم پر تاجروں میں خوف و ہراس پھیلا ہوا ہے اور وہ تاجر تنظیموں کو ٹیلیفون کر کے اپنے تحفظات سے آگاہ کر رہے ہیں۔ تاجروں نے کبھی بھی ٹیکس کی ادائیگی سے انکار نہیں کیا بلکہ اکثریت ٹیکس دے رہی ہے، ہمیشہ یہی تجویز دی ہے کہ کسی بھی طرح کے فیصلے یا پالیسی کے نفاذ سے قبل اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جانا چاہیے، مہم جوئی سے مثبت نتائج حاصل نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ریٹیلرز کے لئے ٹیکس اسکیم کے بارے میں کچھ تحفظات ہیں اور اس حوالے سے جلد لائحہ عمل مرتب کیا جائے گا۔ یہ اطلاعات ہیں کہ ماہانہ ادائیگیوں کے نہ ہونے کی تعزیری نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا جس میں دکان سیل کرنا یا اس کی ماہانہ قسط کے برابر جرمانہ عائد کرنا شامل ہے، سوال ہے کہ کیا موجودہ کاروباری حالات ایسے ہیں جن میں اس طرح کا خوف وہراس پھیلایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بجلی کے بڑھتے ہوئے بلوں کی وجہ سے ہر طبقہ پریشان ہے، حکومت فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے نام پر ہر ماہ بجلی کے بلوں میں اضافے کا سلسلہ بند کرے۔

بقیہ جات 14

جہاں انہوں نے 30 سال فوج میں خدمات انجام دیں۔ ملازمت سے ریٹائرمنٹ بعد انہوں نے گاڑیوں کی مرمت اور دیکھ بھال کا کام شروع کردیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسے لوگ بھی ہیں جو ریٹائرمنٹ کے بعد کے مرحلے سے ڈرتے ہیں۔ چونکہ میں ان لوگوں میں سے ہوں جو فعل وحرکت اور ہاتھ سے مشقت کو پسند کرتے ہیں اور گھر بیٹھنے کے لیے ہتھیار نہیں ڈالتے۔ میں نے ریٹائرمنٹ کے چھ ماہ بعد اپنے شوق پر عمل کرنے کا فیصلہ کیا جو مجھے پسند ہے۔ میرا پیشہ گاڑیوں کی مرمت کرنا ہے۔ میں اپنے فارغ وقت کو گزارنے کے لیے اسی پیشے کو اپنایا۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ ان کے پاس کئی سالوں کا تجربہ اور مطالعہ ہے کہ انہوں نے سعودی عرب کے اندر اور باہر مکینکس کی خصوصیت کا مطالعہ کیا۔ ان کی ریٹائرمنٹ کے بعد کسی نے انہیں مشورہ دیا کہ وہ جس چیز سے محبت کرتے ہیں اور جس کے بارے میں پرجوش ہیں اس میں سرمایہ کاری کریں۔ اس سے انہیں حوصلہ ملا۔ چنانچہ گاڑیوں کی دیکھ بھال اور مرمت کے لیے ایک ورکشاپ کھولی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کہاوت سن رکھی تھی کہ زندگی گنتی کے دنوں کا نام ہے۔ یہ کہاوت سچ ہے اور یہ وہی ہے جو اس وقت میرے ساتھ اس ورکشاپ میں کام کے دوران ہو رہا ہے جس میں، میں اس وقت کام کر رہا ہوں۔

بقیہ جات 15

ڈائریکٹر ای ایم بی پروفیسر ڈاکٹر کوثر ملک، فیکلٹی ممبران اور پاکستان بھر کے مختلف اداروں سے ماہرین نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر شیخ ریاض الدین نے شرکاء کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق صابر اور منتظمین کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے پاکستان میں مالیکیولر بائیولوجی کے ایک اہم انسٹیٹیوٹ کی جانب سے ادا کیے جانے والے کردار پر روشنی ڈالی اور مستقبل میں اس طرح کی ورکشاپس کے تسلسل کے لیے امید کا اظہار کیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ورکشاپ کے دوران حاصل ہونے والا علم ملک بھر میں مالیکیولر بائیولوجی کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ڈاکٹر ریحان صادق نے شرکاء کو خوش آمدید کہتے ہوئے ملک میں ڈی این اے کی ترتیب کی مہارت کو آگے بڑھانے میں ورکشاپ کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ پانچ روزہ ورکشاپ میں سندھ یونیورسٹی جامشورو، بقائی میڈیکل یونیورسٹی، باچا خان میڈیکل کالج مردان سمیت دیگر اداروں سے شرکاء نے خیالات کا اظہار کیا۔ پروفیسر ڈاکٹر کوثر ملک نے شرکاء اور مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ بعد ازاں شرکاء اور منتظمین کو سووینیئر، سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔

بقیہ جات 16

الیکشن میں ملک بھر میں شیر کی کامیابی یقینی ہوگی اور نواز شریف چوتھی بار ملک کے وزیراعظم بنیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جنہوں نے پارٹیاں تبدیل کی ہیں، بار بار جماعتیں تبدیل کرنے والے نہ جماعت کے ساتھ اور نہ ہی حلقہ کے ساتھ مخلص ہوتے ہیں یہ مفاد پرست ٹولہ ہوتا ہے جو اقتدار کا بھوکا رہتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حلقہ میں موجود ووٹرز کو چاہیے کہ وہ جب بھی ووٹ مانگنے کے لیے آئیں اب ان کا محاسبہ کریں اور 08 فروری کو ہونے والے انتخابات میں لوٹوں کا صفایا کر دیں۔ برجیس طاہر نے کہا کہ 08 فروری کی کامیابی کے بعد حلقہ بھر میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کر دیا جائے گا کیونکہ حلقہ کے عوام میرے ہیں اور میں ان کا ہوں اور آخری سانس تک رہوں گا۔

بقیہ جات 17

پیپلز پارٹی کے امیدوار میاں مصباح الرحمان کے الیکشن آفس میں داخل ہو کر توڑ پھوڑ کی، یہ واقعہ قوانین اور الیکشن کمیشن کے تمام ضابطہ اخلاق کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ الیکشن کمیشن اس واقعے کا سختی سے نوٹس لے اور حملے میں ملوث نمائندوں کے کاغذات مسترد کرے۔ رہنما پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ حملے میں ملوث افراد پر الیکشن مہم چلانے پر پابندی لگائی جائے، کوئی بھی عوامی امیدوار اس طرح جتھوں اور دھونس دھمکیوں کی سیاست نہیں کرتا، اس سے پہلے بھی ہمارے انتخابی دفاتر پر حملے ہوئے ہیں۔ شیری رحمان نے مزید کہا کہ بلاول بھٹو کی قیادت میں پیپلز پارٹی کی لاہور میں مقبولیت کی وجہ سے مخالفین بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے ہیں۔

بقیہ جات 18

بلاول صاحب کی سوچ کو سنانا چاہتے ہیں بارش ہو یا نہ ہوں لوگ ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول صاحب ہی واحد لیڈر ہیں جو اپنا پروگرام اپنی سوچ بتا رہے ہیں، باقی تو ماضی میں پھنسے ہوئے ہیں کہ مجھے کیوں نکالا؟ شریفوں نے اپنی ٹرم پوری نہیں کی، ایم کیو ایم وہ جماعت ہے جن کو ادھر کبھی ادھر اور ادھر کبھی تو ادھر ہو جاتی ہے، ان کو ووٹ دیں تو آپ کا ووٹ ضائع کر دیں۔ رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ سندھ میں 45 سے 50 جنرل الیکشن میں پیپلز پارٹی جیتے گی، ن لیگ کے لیے اس وقت بہت کوشش کی جارہی ہے پنجاب میں ہم اچھی سیٹیں نکالیں گے میں یہ دعویٰ نہیں کر رہا کہ ہم وہاں سب سے بڑی جماعت بن کر آئیں گے بلکہ پاکستان کی ہم سب سے بڑی جماعت بنیں گے، ہماری امپائر ہماری عوام ہے فیصلہ عوام دیتی ہے کوئی اور نہیں دیتا۔ انہوں نے ایم کیو ایم پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ میں نے اس ایم کیو ایم کے دور دیکھے ہیں میں جب سکول میں ہوتا تھا کراچی میں ان کو بھتہ دیئے بغیر کراس نہیں کر سکتے تھے، اب یہ دور ہے کہ دوسروں سے بھیک مانگ رہے ہیں کہ ہمیں الیکشن جتوا دو۔

بقیہ جات 19

کارنر میٹنگ میں اہل علاقہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ چوہدری محمد علی جٹ نے کہا کہ ملک وقوم کو قرضوں کے تلے دبانے، ساغر لہرانے والوں کے خلاف ایک فیصلہ قانونی عدالت نے دیا ہے ایک فیصلہ 8 فروری کو عوامی عدالت دے گی۔ چوہدری محمد علی جٹ نے کہا ہے کہ 8 فروری کو ہونیوالے انتخابات میں عوام شیر کا ساتھ دیں اور گھروں سے باہر نکل کر شیر پر ٹھپہ لگائیں کیونکہ میاں نواز شریف کا چوتھی بار وزیراعظم بننا ملک کی ترقی ہے۔

بقیہ جات 20

کہا ہے کہ عوام اپنے حقوق کیلئے جے یو آئی کا ساتھ دیں، ملک اور پنجاب کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ووٹ کی پرچی کا درست استعمال کرنا ناگزیر ہو چکا ہے، تین دہائیوں سے مسلط سابق نمائندوں کے پاس عوام کو ریلیف دینے کیلئے کوئی پروگرام نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کے عادلانہ نظام نافذ کیے بغیر ہم خوشحال پرامن اور ترقی حاصل نہیں کرسکتے ہے جے یو آئی 8 فروری کو قوم کو حیران کن نتائج دے گی۔

بقیہ جات 21

کرکسل، 5 زرعی، 1 انڈسٹریل اور 347 ڈومیسٹک کنکشنز جنہیں منقطع کر کے ان کو 2 لاکھ 22 ہزار 269 یونٹس ڈیٹیکشن بل کی مد میں چارج کیے گئے جن کی مالیت 72 لاکھ 55 ہزار 107 روپے بنتی ہے۔ قلعہ گجر سنگھ کے علاقے میں کنکشن کو 1 لاکھ 50 ہزار روپے، گوالمنڈی کے علاقے میں کنکشن کو 1 لاکھ روپے، مغل آباد کے علاقے میں ملزم کو 1 لاکھ روپے جبکہ بڈیارہ میں ملزم کو 98 ہزار 574 روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔

بقیہ جات 22

کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سینئر صحافی سید صدا حسین کاظمی و دیگر موجود تھے۔ رانا عبدالغفار نے کہا کہ مسلم لیگ ن عوامی خدمت اور ملکی ترقی فروغ دینے والی پارٹی ہے عوام کا شیر کو ووٹ دینا جانے والا ووٹ ملک کی تقدیر بدل سکتا ہے اس لئے عوام 8 فروری کو میاں نواز شریف کو بھاری اکثریت دلانے کے لئے شیر کے نشان پر مہر لگائیں اور کسی دوسرے امیدوار کی چکنی چپڑی باتوں میں نہ آئیں، ان کا کہنا تھا کہ میاں نواز شریف کی قیادت ہی پاکستان کو ترقی یافتہ اور خوشحال بنا سکتی ہے جلسہ میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ جات 23

نے پورے سسٹم کو بے نقاب کر دیا، بارش کے بعد کراچی چلا کر بول رہا تھا کہ کراچی پر دشمنوں کی حکومت ہے، پندرہ سال سے قابض حکومت کی کارکردگی کا پول کھل گیا۔ خالد مقبول کا کہنا تھا کہ کراچی پر میئر مرتضیٰ وہاب قابض ہیں اور پیپلز پارٹی کا ایوانوں پر قبضہ ہے، اسے بائیس ہزار ارب روپے وفاق سے ملے، کل بارش میں پندرہ سے بیس منٹ کا سفر تین گھنٹوں میں طے کیا ہے۔

بقیہ جات 24

چکی عالمی ضمیر مردہ ہو چکا ہے، دنیا کی مظلوم مسلمانوں کیلئے دوغلہ پالیسی اسلام دشمنی ہے، اقوام متحدہ کا کردار ہمیشہ منافقانہ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ علماء کونسل آج پانچ فروری یوم یکجہتی کشمیر اس عہد کی تجدید کے ساتھ منائے گی کہ بھارت سمیت دنیا کہ ایوانوں میں پاکستانی اور کشمیری عوام کی آواز ایک زبان ہو کر گونجے گی کہ ہم ایک ہیں اور ایک رہیں گے۔ پاکستان کشمیریوں کی منزل اور بقاء ہے پاکستانی عوام کشمیریوں کو کسی مرحلہ پر تنہا نہیں چھوڑیں گی بلکہ مقبوضہ ریاست جموں و کشمیر کے عوام کی تحریک آزادی کی جدوجہد کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی سطح پر ہمیشہ کی طرح حمایت جاری رکھیں گے۔

بقیہ جات 25

ان تک نہیں پہنچے۔ انہوں نے سعودی عرب کی سرکاری حج ویب سائٹ نسک کے ذریعے گزشتہ برس جون میں بکنگ کرائی تھی۔ حج ہوا نہیں اور انہیں ریفنڈ بھی نہیں مل پا رہا۔ برطانوی نشریاتی ادارے نے سعودی ویب سائٹ سے موقف لینے کی بھی کوشش کی۔ ویب سائٹ کی ای میلز پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ شکایت دور کردی گئی۔ دوسری طرف محمد عمر اور راحمہ کا کہنا تھا کہ انہیں ریفنڈ ملا ہے نہ یہ کہا گیا ہے کہ وہ بعد میں حج کرسکتے ہیں۔

بقیہ جات 26

امیر معاویہ کانفرنس کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں مقررین نے سیدنا حضرت امیر معاویہؓ کی سیرت وکردار بارے تفصیلی گفتگو کی سنی علماء کونسل پنجاب کے صدر مولانا محمد اشرف طاہر اور صدر سنی علماء کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیدنا امیر معاویہؓ کا دور خلافت امن وامان کا گہوارہ تھا، آج کے معاشی بحران کے دور میں سیدنا امیر معاویہؓ کا دور خلافت بہترین رہنمائی فراہم کرتا ہے، سیدنا امیر معاویہؓ کے یوم وفات پر سرکاری چھٹی کی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک کے تمام بحرانوں کا حل صرف اور صرف نظام خلافت راشدہ کے نفاذ میں ہے، حضرت امیر معاویہ وہ شخصیت ہیں جو کاتبین وحی میں شامل تھے، سیدنا امیر معاویہ خود بھی صحابی تھے آپ کے والد بھی صحابی تھے اور آپ کی والدہ اور ہمشیرہ بھی صحابیہ تھیں، قرآن کریم کی کتابت کرنے والوں میں بھی آپؓ شامل تھے، اس لئے آپؓ کو کاتب وحی کہا جاتا ہے، حضرت علی المرتضیٰ کی شہادت کے بعد ان کے جانشین حضرت سیدنا حسنؓ نے اور حضرت سیدنا حسینؓ کے ہمراہ آپؓ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ انہوں نے کہا کہ سنی علماء کونسل کا مطالبہ ہے کہ حکمران خلفاء راشدین اور سیدنا امیر معاویہ اور دیگر صحابہ کے ایام پر ملک بھر میں سرکاری سطح پر چھٹی کا اعلان کرے اور تعلیمی نصاب میں صحابہ اکرام کے عظیم کارناموں کو شامل کریں تاکہ نسل نو اللہ کے نبی ﷺ کے صحابہ کی زندگیوں کو مشعل راہ بنا کر اپنی زندگیاں گزاریں۔

بقیہ جات 27

بھی شامل تھی۔ 22 جنوری کو سکیورٹی فورسز نے ضلع ژوب کے مقام سمبازہ میں 7 دہشت گردوں کو ہلاک کیا، ان دہشت گردوں سے برآمد ہونے والا اسلحہ غیر ملکی ساخت کا تھا جس میں A2/16-M، 47-AK، سلیپنگ بیگز، ہینڈ گرنیڈز اور دیگر اشیا شامل تھیں۔ 19 جنوری کو ضلع میران شاہ میں پاک افغان سرحد پر بھی سرحد کے مقام پر میں سرحد پار کرنے والے 2 دہشت گردوں کو سکیورٹی فورسز نے ہلاک کیا، ان دہشت گردوں سے برآمد ہونے والا اسلحہ غیر ملکی ساخت کا تھا جس میں 47-AKA4/M16 بھی شامل تھیں۔ 31 دسمبر کو بھی خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ میں پاک افغان سرحد پار کرنے والے 3 دہشت گردوں کو سکیورٹی فورسز نے جہنم واصل کیا، ان دہشت گردوں سے بھی Carbine M4 (امریکی ساخت) اور دیگر اسلحہ برآمد ہوا۔ 29 دسمبر کو بھی ضلع شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں دہشتگردوں سے 47-AK، Carbine4-M اور گولہ بارود برآمد ہوا تھا۔ میر علی آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں راہزیب کھورے سمیت پانچ دہشت گرد مارے گئے، اس سے پہلے بھی متعدد بار پاکستان کے خلاف دہشت گردی میں غیر ملکی ساخت کے اسلحہ استعمال کیا گیا۔ کالعدم بلوچ لبریشن آرمی نے بھی انہی ہتھیاروں کا استعمال کرتے ہوئے 2 فروری 2022 میں نوشکی اور پنجگور اضلاع میں ایف سی کیمپوں پر حملے کیے، 12 جولائی 2023 کو ژوب گیریژن پر ہونے والے حملے میں بھی کالعدم ٹی ٹی پی نے امریکی اسلحہ استعمال کیا۔ 6 ستمبر 2023 کو جدید ترین امریکی ہتھیاروں سے لیس کالعدم ٹی ٹی پی کے دہشت گردوں نے چترال میں دو فوجی چیک پوسٹوں پر حملہ کیا۔ 4 نومبر کو میانوالی ایئر بیس حملے میں دہشت گردوں سے برآمد ہونے والا اسلحہ غیر ملکی ساخت کا تھا جس میں A4/16-M، 4-M، 74-AK، 7-RPG بھی شامل تھے۔ 12 دسمبر کو ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درابن میں ہونے والی دہشت گردی میں بھی نائٹ گوگلز اور امریکی رائفلز استعمال کی گئیں۔ 15 دسمبر کو ٹانک میں ہونے والے حملے میں دہشت گردوں کے پاس جدید امریکی اسلحہ پایا گیا، حملے میں 3 پولیس اہلکار شہید اور 5 دہشت گرد جہنم رسید ہوئے، دہشت گردوں نے Grenades, HE A2, / M16 47-AK استعمال کیے۔ 31 دسمبر کو کسٹمز اور سکیورٹی فورسز نے افغانستان سے پاکستان آنے والی گاڑی میں لدی ہوئی پیاز کی بوریوں سے بھی جدید امریکی ہتھیار برآمد کیے، اسلحے میں جدید امریکی ساختہ ایم فور رائفل کے علاوہ دیگر ہتھیار بھی شامل تھے۔ افغانستان سے جدید امریکی اسلحے کی پاکستان سمگلنگ اور کالعدم ٹی ٹی پی کا سکیورٹی فورسز اور پاکستانی عوام کے خلاف امریکی اسلحے کا استعمال افغان عبوری حکومت کا اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دینے کے دعووں پر بہت بڑا سوالیہ نشان ہے۔

بقیہ جات 28

کارروائیوں کا سلسلہ مسلسل جاری ہے۔ ہر پاکستانی اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہم پلہ کھڑا ہے۔

بقیہ جات 29

محنت کرنا پڑتی ہے، کامیابی عوام کے ساتھ ہم چلانے سے ملتی ہے۔ بلاول بھٹو الیکشن ہار چکے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ہم ہر جگہ جلسے کر رہے ہیں اور ہر جگہ موجود ہیں، لاہور میں پیپلز پارٹی کا ووٹ بینک نہیں، پیپلز پارٹی نے ضد میں لاہور سے انتخاب لڑنے کا فیصلہ کیا۔ پیپلز پارٹی لاہور میں انتشار پھیلانا چاہتی ہے۔ لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی لاہور میں الیکشن لڑ کر ووٹ خریدنا چاہتے ہیں، پیپلز پارٹی کے دفتر سے نوٹ گننے والی مشین ملی ہے، انہوں نے 50 سے 60 ہزار ووٹ خریدنے کا پلان بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول آپ لاہور میں تیسرے نمبر کے امیدوار ہیں، پیپلز پارٹی پنجاب میں انٹری چاہتی ہے، کسی کو معاشی تنگ نہیں کرنے دیں گے۔ عطاء تارڑ کا مزید کہنا تھا کہ میرا مقابلہ ایک وڈیرے کے ساتھ ہے، بلاول لوٹ جائے گا ہم نے اور ووٹ فروخت کرنے والوں نے تو یہاں ہی رہنا ہے، ووٹ فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی۔

بقیہ جات 30

ایک بیلٹ باکس میں قومی اسمبلی اور دوسرے میں صوبائی اسمبلی کیلئے ووٹ کاسٹ ہوں گے۔ حکام کے مطابق ملک بھر میں 5 لاکھ 52 ہزار بیلٹ باکس استعمال ہوں گے جبکہ ڈیڑھ لاکھ ریزرو ہوں گے، بیلٹ باکس بھر جانے پر دوسرا بیلٹ باکس فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ جات 31

ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل کی رپورٹ تین دن پہلے آئی ہے، نواز شریف کے دور میں کرپشن انڈیکس میں کمی آئی، نواز شریف کے دور میں کرپشن کو شدید ضرب لگی۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کے دور میں اربوں کھربوں کی سرمایہ کاری ہوئی، اتنی بڑی سرمایہ کاری کے باوجود کرپشن میں کمی آئی، بانی پی ٹی آئی خود کہتے تھے جہاں کرپشن کم ہوتی ہے وہاں کا حکمران ایماندار ہوتا ہے، جہاں کرپشن ہو وہاں کا حکمران چور ہوتا ہے۔ سابق وزیراعظم کا کہنا تھا کہ 2018 میں بدترین دھاندلی اور جادو ٹونے سے حکومت بنی، دھاندلی زدہ حکومت نے ہم پر بدترین کرپشن کے الزامات لگائے، ہم پر موٹروے بنانے پر الزامات لگائے گئے، کوئی بھی نواز شریف پر کرپشن کے الزامات ثابت نہیں کرسکا، آج موٹروے سے لاکھوں لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے دور میں کرپشن انڈیکس میں اضافہ ہوا، پی ٹی آئی دور میں چینی کا بحران پیدا کر کے اربوں کی کرپشن کی گئی، بانی پی ٹی آئی نے ایک رات کہا کہ چینی کرپشن کیخلاف انکوائری شروع کردی ہے، بانی پی ٹی آئی نے ایک کروڑ نوکریاں دینی تھیں۔ صدر مسلم لیگ ن کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ ن نے ہر دور میں عوام کی خدمت کی، 8 فروری کو عوام اپنے ووٹ سے مستقبل کا فیصلہ کریں گے، پی ڈی ایم کی حکومت میں کرپشن انڈیکس 140 سے کم ہو کر 133 پر آگیا جس کا کریڈٹ 13 جماعتوں کو جاتا ہے، ایک سالہ اتحادی حکومت کی کارکردگی کا فیصلہ عوام نے کرنا ہے۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومت میں چور ڈاکو کا دور کرکے طوفان بدتمیزی برپا کیا گیا، کچھ لوگوں نے بانی پی ٹی آئی کا ساتھ دے کر انہیں بڑھاوا دیا، ٹرانسپرنسی کی رپورٹ کے مطابق 2018 کی حکومت میں پاکستان میں کرپشن بڑھی، ٹرانسپرنسی کی رپورٹ سے ثابت ہو گیا چور کون ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر شخص کو الیکشن لڑنے کا حق ہے، بلاول بھٹو جہاں سے چاہیں الیکشن لڑیں، اگر پیسے دے کر ووٹ خریدنے کی بات درست ہے تو یہ ووٹ کی عزت نہیں توہین ہے، 8 فروری کو عوام ہماری خدمات دیکھ کر ووٹ دیں گے۔ شہباز شریف نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی رعونت اور تکبر کا شکار تھے، ماضی میں کسی کا ایسا رویہ نہیں دیکھا جیسا بانی پی ٹی آئی کا تھا، ہم پر چینی منصوبوں میں کرپشن کے الزامات لگائے گئے، ایسے الزامات لگا کر چین سے تعلقات مجروح کرنے کی سازش کی گئی، بانی پی ٹی آئی کے دور میں پی کے ایل کیس کو برباد کر دیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مجھے صاف پانی کیس میں بلا کر آشیانہ میں گرفتار کرلیا گیا، ثاقب نثار نے بلا کر بجلی کے منصوبے پر نظر ثانی کرنے کا کہا آپ ٹھنڈے کمرے میں ایسے ہی بیٹھے ہیں؟ برطانوی نیشنل کرائم ایجنسی نے ہمیں کلین چٹ دی تو ہمارا مذاق اڑایا گیا، مجھے بانی پی ٹی آئی سے ہاتھ ملانے کا کوئی شوق نہیں۔ پارٹی صدر نے کہا کہ مناظرے کی باتیں کرنے والے پہلے کارکردگی کا موازنہ کر لیں، مناظرہ تو ہوتا ہی رہے گا، بارش کے پانی کے باعث مائیں بہنیں سڑکوں پر بے یارومددگار پھنسی رہیں، میرے مہربان نے مناظرے کا چیلنج دیا آج کل کراچی کی سڑکوں پر موازنہ ہو گیا۔ شہباز شریف کا مزید کہنا تھا کہ کراچی میں بارش کے بعد اب بتائیں موازنہ ہوا یا نہیں؟ میں نے بلاول بھٹو سے کہا تھا کہ مناظرہ نہیں موازنہ ہونا چاہیے جو کل ہو گیا، یہاں ٹینکر سے سڑکیں دھوئی جاتی ہیں اور وہاں پانی کی سپلائی کی جاتی ہے، اگر لاہور کی صورتحال کراچی جیسی ہوتی تو میں خود بلاول کو کہتا یہاں آ کر الیکشن لڑیں۔

بقیہ جات 32

میں انتخابی جلسے سے خطاب کریں گے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق نواز شریف اور مریم نواز جاتی امراء سے مری پہنچ گئے اور آج پیر کے روز جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔ نواز شریف اور مریم نواز مری میں دوپہر ایک بجے جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔

بقیہ جات 33

ادارے کے مطابق مسلم دشمن اقدامات کے ذریعے ہندوؤں کے دل جیتنے کی کوشش میں مودی سرکار نے تمام اصول اور اطوار بالائے طاق رکھ دیے۔ حال ہی میں ایودھیا میں رام مندر کے افتتاح کے بعد سے بھارت میں انتہا پسند بے لگام ہو گئے ہیں۔ انتہا پسند حکمران جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی نے قدیم مساجد کو نشانے پر لے لیا ہے۔ ووٹ بینک مضبوط کرنے کے لیے مودی سرکار عام ہندو کو یہ تاثر دینے پر تلی ہوئی ہے کہ مسلم دشمنی میں وہ کسی بھی حد تک جاسکتی ہے۔ انتہا پسندوں نے نئی دہلی کی اخونجی مسجد کے ملحق قبروں اور قرآن کے نسخوں کی بھی بے حرمتی کی ہے۔ عینی شاہدین کا کہنا تھا کہ قبرستان میں اتنی توڑ پھوڑ کی گئی ہے کہ بعض قبریں مکمل گئیں اور باقیات تک دکھائی دے رہی ہیں۔ اخونجی مسجد کے پیش امام نے بتایا کہ بھارتی فوجی بلڈوزرز کے ساتھ مسجد کے احاطے میں داخل ہوئی اور کہا یہ جگہ ابھی خالی کردو۔ انہوں نے کہا کہ یہ جگہ ادارہ ترقیات دہلی کی ہے اور ہمارے پاس دستاویزات ہیں۔ پیش امام نے بتایا کہ انہدام کی کارروائی سے قبل انخلا کا نوٹس بھی نہیں دیا گیا۔ پیش امام نے بتایا کہ اس مسجد میں یتیم بچے رہتے تھے اور ان کے لیے ہر ماہ میڈیکل کیمپ بھی لگتا تھا۔

بقیہ جات 34

کی بلاتعطل فراہمی کیلئے ضروری انتظامات کئے جائیں۔ محسن نقوی نے انتخابی نتائج کی شفافیت اور میڈیا کی سہولت کے لئے ہر پولنگ سٹیشن کے باہر سمارٹ میڈیا وال نصب کرنے اور پولنگ کے تمام عمل کو شفافیت اور خوش اسلوبی سے سرانجام دینے کیلئے متعلقہ اداروں میں مؤثر رابطے کی ہدایت کی۔

بقیہ جات 35

اور سرکاری طور پر جموں و کشمیر کے لوگوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ اس دن کی مناسبت سے ریلیاں نکالی جائیں گی۔ شہدائے کشمیر کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے صبح 9 بجکر 55 منٹ پر ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی جائے گی۔ یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں وفاق اور حکومت اسلام آباد اور چاروں صوبائی دارالحکومتوں لاہور، کراچی، پشاور، اور کوئٹہ کو جموں و کشمیر کے لوگوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے بینروں سے سجایا گیا ہے۔ یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں سیاسی و سماجی جماعتوں کی جانب سے کشمیریوں کی حق خودارادیت کی جدوجہد کو اجاگر کرنے کے لیے کانفرنس، ریلیوں، سیمیناروں، مباحثوں کا اہتمام بھی کیا جائے گا، پاکستان کو کشمیر سے ملانے والے تمام پلوں پر انسانی ہاتھوں کی زنجیریں بنائی جائیں گی۔ وفاقی دارالحکومت میں وزارت خارجہ کے زیر اہتمام ریڈیو پاکستان سے ڈی چوک تک صبح نو بجے ایک خصوصی واک ہوگی، جس میں حریت کانفرنس کے قائدین کے علاوہ پاکستان کی مختلف شخصیات شرکت کریں گی۔ یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں بیرون ملک پاکستان کے سفارتی مشنز میں خصوصی تقریبات بھی ہوں گی۔ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا حق خودارادیت کے لیے کشمیریوں کی جدوجہد اور مقبوضہ علاقے میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کے ساتھ ساتھ اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے پاکستان کی کوششوں کو اجاگر کرے گا۔ دن کا آغاز شہدائے کشمیر کی خصوصی دعاؤں، جدوجہد آزادی کی کامیابی اور کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے ساتھ ہوگا۔ یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے اعلیٰ شخصیات کے پیغامات بھی جاری کیے جائیں گے۔

بقیہ جات 36

امیدوار ملک جاوید اقبال نے کہا ہے کہ 8 فروری کا دن مسلم لیگ (ن) کی فتح اور کامیابی کا دن ہوگا، عوام اپنے محبوب قائد میاں نواز شریف کو وزیراعظم بنوا کر ملک کی تعمیر وترقی کا سفر ایک بار پھر شروع کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام نواز شریف کے ساتھ کھڑی ہے کیونکہ وہ عوام کے دلوں پر راج کرتے ہیں، عوام 8 فروری کو ملک وقوم کی قسمت سے کھیلنے والوں کا کڑا احتساب کریں گی اور ملک وقوم کی خدمت کرنے والے محب وطن لیڈر میاں نواز شریف کو بھاری اکثریت سے کامیاب کریں گے۔ جاوید اقبال نے کہا کہ شیر کا نشان مضبوط خوشحال پاکستان کی علامت ہے۔ ایک جماعت اپنا روپ بدل کر مختلف انتخابی نشانوں پر انتخابی میدان میں نوجوانوں کو ایک بار پھر گمراہ کررہی ہے، نوجوانوں کو ایسے بہروپیوں کو عبرت ناک شکست سے دوچار کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں جو ملک وقوم کے مفاد کے منافی کام کرنے والوں کا کڑا احتساب کریں گے۔ 8 فروری کو نوجوان شیر کے نشان پر مہر لگا کر میاں نواز شریف کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں گے تاکہ ملک ترقی کرے اور عوام خوشحال ہوں۔

بقیہ جات 37

جائے گی۔ کشمیر میڈیا سروس کی طرف سے یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں جاری کی گئی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستانی مقبوضہ جموں و کشمیر کے مظلوم عوام کی حمایت کرنا اپنا قومی فریضہ سمجھتے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ پاکستان سات دہائیوں سے جدوجہد کرنے والے کشمیریوں کے لیے آواز اٹھا رہا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کشمیریوں کے لئے حوصلہ افزائی کا باعث ہے اور پاکستان بھارتی تسلط سے آزادی تک کشمیری عوام کی حمایت جاری رکھے گا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ پاکستان کے ساتھ کشمیریوں کی محبت بھارت کے غیر قانونی قبضے کے خلاف ان کی جدوجہد کا ایک اہم محرک ہے کیونکہ کشمیریوں کی جدوجہد آزادی تحریک پاکستان کا تسلسل ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے درست طور پر کشمیر کو پاکستان کی "شہ رگ" قرار دیا تھا اور تنازعہ کشمیر کے حل کے لیے ایک مضبوط اور مستحکم پاکستان بہت ضروری ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مقبوضہ علاقے میں مودی حکومت کے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اقدامات نے ایک بار پھر دو قومی نظریہ کو درست ثابت کر دیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ جو کچھ مقبوضہ جموں وکشمیر میں ہو رہا ہے، دنیا اس کو نظر انداز نہیں کرسکتی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کا پاکستان کا حصہ بننا طے ہے اور عالمی برادری کو فسطائی بھارت کے خلاف جدوجہد میں کشمیریوں کا ساتھ دینا چاہیے۔

بقیہ جات 38

والے امیدواروں کے انتقال کی وجہ سے روکے گئے ہیں۔ جن تین حلقوں میں انتخابات روکے گئے ہیں، ان میں قومی اسمبلی کا حلقہ این اے 8 باجوڑ، صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی کے 22 باجوڑ اور پی کے 91 کوہاٹ شامل ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق تینوں حلقوں میں انتخابات کا شیڈول بعد میں جاری ہوگا۔ اس سلسلے میں تینوں حلقوں میں امیدوار دوبارہ کاغذات نامزدگی جمع کرائیں گے۔

بقیہ جات 39

عرب ٹی وی کا انکشاف کیا کہ ثالثوں نے حماس کو جنگ بندی کی تجویز پیش کی جس میں حماس نے جنگ بندی شروع کرنے کی ابتدائی منظوری کا اظہار کیا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ ثالثوں نے غزہ کی پٹی میں 6 ہفتوں کے لیے جنگ بندی کی پیشکش کی اور مجوزہ جنگ بندی میں حماس کے زیر حراست 36 یرغمالیوں کی رہائی بھی شامل ہے۔ متوقع معاہدے کے تحت حماس روزانہ ایک اسرائیلی یرغمالی کو رہا کرے گی۔ متوقع معاہدے کے تحت حماس نے اسرائیل کے زیر حراست 3000 فلسطینی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ اس کے ساتھ مجوزہ جنگ بندی معاہدے کو 3 کے بجائے 4 مراحل میں تبدیل کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ ذرائع نے تصدیق کی کہ امریکہ غزہ میں جنگ بندی کے مجوزہ معاہدے کے پہلوؤں کی حمایت کرتا ہے اور اسرائیل سے اسے قبول کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ اس سے قبل کی جنگ بندی گذشتہ نومبر (2023) کے آخر میں ایک ہفتے تک جاری رہی تھی، جس کے تحت 7 اکتوبر کو غزہ کی پٹی میں اسرائیلی بستیوں اور فوجی اڈوں پر حماس کے اچانک حملے کے دوران یرغمال بنائے گئے تقریباً 100 قیدیوں کو رہا کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔ اس معاہدے کے تحت تین سو فلسطینیوں کی رہائی عمل میں لائی گئی تھی۔ اسرائیلی حکام کے مطابق قیدیوں کے اہل خانہ کی جانب سے نئے تبادلے کے معاہدے کو قبول کرنے کے لیے شدید دباؤ برقرار ہے۔ اب بھی تقریباً 132 قیدی غزہ کی پٹی میں قید ہیں جن میں سے 28 کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ وہ ہلاک ہو چکے ہیں۔

بقیہ جات 40

تو ملک میں نوجوانوں کو روزگار ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ لاکھوں کی تعداد میں نوکریاں ملیں گی، تنخواہوں میں اضافہ کریں گے، کامیابی کے بعد سب سے پہلے حلقے کی حالت بدلیں گے، حلقے کا کام 100 کی بجائے 500 سے شروع کریں گے۔ جہانگیر ترین نے کہا کہ ملتان کے لوگوں کا جذبہ دیکھ کر دلی خوشی ہے، یہ میرا آبائی گھر ہے لیکن آیا یہاں دیر سے ہوں، اللہ نے مجھے موقع دیا کہ اپنے آبائی گھر کی خدمت کروں۔

بقیہ جات 41

رپورٹ ہوئے، لاہور میں ایک روز کے دوران 156 نئے کیسز سامنے آئے۔ اعداد و شمار کے مطابق پنجاب میں رواں سال نمونیا سے 316 اموات اور 20 ہزار 267 کیسز سامنے آئے، لاہور میں رواں سال نمونیا سے 58 ہلاکتیں اور 3 ہزار 873 کیسز رپورٹ ہوئے۔ جب کہ گزشتہ 11 روز کے دوران 100 سے زائد بچے دم توڑ گئے ہیں۔ ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ پنجاب میں نمونیا کے بڑھتے ہوئے کیسز کی بڑی وجہ رواں سال موسم سرما میں فضائی آلودگی کی وجہ سے پیدا ہونے والی اسموگ بھی ہے۔ نمونیا پھیپھڑوں کے اندر انفیکشن کو کہا جاتا ہے، نمونیا کے زیادہ تر کیس وائرس کی وجہ سے ہوتے ہیں اور یہ نزلہ زکام کی علامات کے بعد ظاہر ہوسکتا ہے۔ نمونیا ہلکا یا سنگین ہوسکتا ہے، عام طور پر 5 سال یا اس سے کم عمر کے بچوں میں زیادہ عام ہوتا ہے۔ نمونیا اگر کسی صحت مند انسان کو ہو تو وہ اس کا مقابلہ با آسانی کرسکتا ہے مگر بچوں کے لیے اس سے نمٹنا بعض اوقات انتہائی مشکل ہو جاتا ہے۔ بچوں کو نمونیا ہونے کی وجوہات میں انہیں دودھ پلانے کی کمی، آلودگی، غذائیت کی کمی، ٹھنڈ میں زیادہ دیر تک رہنا اور کمزور مدافعتی نظام شامل ہے۔ نمونیا کی ہلکی علامات بھی جان لیوا ہوسکتی ہیں، اس بیماری کی علامات میں بلغم اور کھانسی، بخار، بہت زیادہ پسینہ آنا یا سردی لگنا، معمول کی سرگرمیاں کرنے کے دوران سانس پھولنا، سانس لیتے وقت یا کھانسی کے وقت سینے میں درد محسوس ہونا، تھکاوٹ کا احساس، بھوک میں کمی، متلی محسوس ہونا، سر درد ہونا شامل ہیں جبکہ دیگر علامات آپ کی عمر اور صحت کے مطابق مختلف ہوسکتی ہیں۔ شیر خوار یا نومولود بچوں میں بعض اوقات کوئی علامات ظاہر نہیں ہوتیں لیکن بعض اوقات انہیں متلی ہوسکتی ہے، توانائی کی کمی یا پینے یا کھانے میں پریشانی ہو سکتی ہے۔ 5 سال سے کم عمر کے بچوں کو سانس لینے میں دشواری ہوسکتی ہے۔ ڈاکٹرز ابتدائی طور پر ٹیسٹ کو ایکسرے تجویز کرتے ہیں جس سے پھیپھڑوں کے بارے میں صحیح معلومات ملتی ہیں۔ وائرس کے نتیجے میں ہونے والے نمونیا کے لیے اینٹی وائرس ادویات تجویز کی جاتی ہیں۔ نمونیا ہلکا یا سنگین ہوسکتا ہے، عام طور پر 5 سال یا اس سے کم عمر کے بچوں میں زیادہ عام ہوتا ہے۔

بقیہ جات 42

نے کہا ہے کہ 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کا دن اہل پاکستان اور اہل کشمیر کے لازوال رشتے، مذہبی، ثقافتی اور سماجی ہم آہنگی کی پہچان ہے، کشمیری مسلمانوں نے قیام پاکستان سے قبل ہی اپنا مستقبل نظریاتی طور پر پاکستان کے ساتھ وابستہ کر دیا تھا، ہمیں اس تاریخی فیصلے پر فخر ہے اہل پاکستان نے آزمائش اور مشکل کی ہر گھڑی میں کشمیری عوام کا ساتھ دیا۔ یوم یکجہتی کشمیر صرف پاکستان اور آزاد کشمیر میں نہیں بلکہ دنیا بھر میں مقیم پاکستانی اور کشمیری اس دن کو اس عزم کیساتھ مناتے ہیں کہ وہ جدوجہد آزادی میں مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے شانہ بشانہ ہیں اور رہیں گے۔ میں اپنے مقبوضہ کشمیر کے بھائیوں کو یقین دلاتا ہوں کہ پاکستان اور آزاد کشمیر کے عوام آپ کی پشت پر ہیں اور سفارتی سطح پر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کریں گے۔ وہ وقت دور نہیں کہ جب مقبوضہ کشمیر کے عوام آزادی کی نعمت سے ہمکنار ہوں گے اور آزاد فضاؤں میں فتح کا جشن منائیں گے۔ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ پانچ اگست 2019 اور اس کے بعد انتہا پسند آر ایس ایس کی ہندوستانی حکومت نے جو اقدامات اٹھائے اس کو ریاست جموں و کشمیر کے عوام نے یکسر مسترد کردیا ہے۔

بقیہ جات 43

نے کہا ہے کہ 05 فروری یوم یکجہتی کشمیر کا دن پاکستانیوں اور کشمیریوں کے لازوال رشتہ کی پہچان ہے جسے کئی دہائیوں سے بھرپور طریقے سے منایا جاتا ہے یہ پاکستانیوں اور کشمیریوں کے مذہبی، ثقافتی اور سماجی ہم آہنگی کی پہچان ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں قابض بھارتی فوج کے ہاتھوں انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں پر ہندوستان کی شدید مذمت کرتے ہوئے اقوام عالم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج کے ہاتھوں انسانی حقوق کی سنگین پامالیاں بند کروائیں اور اقوام متحدہ کی منظور شدہ قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی افواج نے ظلم وجبر کا ایسا کوئی ہتھکنڈہ نہیں چھوڑا جو بے گناہ اور بے سروسامان کشمیری عوام پر آزمایا نہ گیا ہو۔ لیکن کشمیری عوام جرات، پامردگی اور حوصلے سے اپنے موقف پر قائم ہیں اور کشمیریوں نے اپنے نصب العین کو نہیں چھوڑا اور نہ ہی وہ کسی بھی صورت اپنے موقف سے دستبردار نہیں ہوں گے۔ کشمیری نوجوان برہان مظفر وانی شہید کے مشن کو لے کر نوجوان نسل سرکف ہو چکی ہے۔ ہم بھارت پر واضح کرتے ہیں کہ وہ کشمیریوں کے بنیادی حق، حق خودارادیت میں رکاوٹ نہ بنے بلکہ سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مذاکرات کے ذریعے مسئلہ کشمیر کو حل کرے۔ کشمیری عوام، ریاست جموں کشمیر کو ناقابل تقسیم وحدت سمجھتے ہیں۔ ہم عالمی برادری پر یہ واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ کشمیری عوام کیلئے وہی حل قابل قبول ہوگا جو کشمیری عوام کی خواہشات اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ہوگا تا کہ کشمیری اپنی امنگوں اور خواہشات کے مطابق زندگی بسر کرسکیں۔

بقیہ جات 44

راوی کے لیے درخواستیں اب آن لائن بھی جمع کروائی جاسکتی ہیں۔ درخواست فارم روڈا کی ویب سائٹ ruda.gov.pk پر دستیاب ہے۔ عامر میر نے بتایا کہ لاہور میں 200 ایکڑ پر مشتمل رہائشی منصوبے کے لیے سینکڑوں صحافی اپلائی کرچکے ہیں۔ صحافی حضرات آن لائن درخواست جمع کروانے کے لیے https://ruda.gov.pk/maskan-e-ravi وزٹ کریں اور مزید معلومات کے لیے Customerservices@ruda.gov.pk وزٹ کریں۔ عامر میر کا کہنا تھا کہ رہائشی منصوبے کی ذمہ دار راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی ہوگی۔ پنجاب میں صحافیوں کو 3300 پلاٹس دیے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ قسطوں کی ادائیگی 10 سال میں آسان اقساط پر ہوگی اور پلاٹس قرعہ اندازی کے ذریعے الاٹ کیے جائیں گے۔ ترجمان حکومت پنجاب نے مزید بتایا کہ درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 6 فروری ہے جبکہ پلاٹس الاٹمنٹ کیلئے حتمی قرعہ اندازی 12 فروری کو ہوگی۔

بقیہ جات 45

مشہور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج سے ہم تیار ہیں عطا تارڑ یا ان کے لوگ آکر دکھائیں، انہیں اسی طرح جواب دیں گے، ن لیگ غنڈہ گردی کر رہی ہے، روزانہ ہمارے پوسٹر اتارے جا رہے ہیں، ہم چاہتے ہیں ایف آئی آر درج کی جائے، الیکشن کمیشن غنڈہ گردی کا نوٹس لے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ وہ کس قانون کے تحت ہمارے دفتر میں گھس آئے، عطا تارڑ ہمارے گھر میں گھسے اور 3 کارکنوں کو اغوا کیا۔ اس موقع پر موجود رہنما پیپلز پارٹی ذوالفقار علی بدر نے کہا کہ عطا تارڑ ڈھائی سو غنڈوں کے ساتھ میاں مصباح کے دفتر میں داخل ہوئے، ہمارے لوگوں کے آئی پیڈ موبائل فون اور خواتین کے زیور لے گئے، ہمارے دفتر میں ان لوگوں نے اسلحے کے زور پر ڈکیتی کی ہے، یہ کہاں کا قانون ہے کسی کو بھی کوئی گھر سے اٹھا کر لے جائے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس، انتظامیہ درخواست کے باوجود کیوں ایکشن نہیں لے رہی، کیا پورے ملک میں قانون ن لیگ کے لیے ہے، جس طرح ماضی میں ان کو جتوایا گیا کیا اس بار بھی ایسا ہوگا؟ الیکشن کمیشن اس پر نوٹس لے اور کارروائی کرے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما بیرسٹر عامر حسن نے کہا کہ پی پی پی کے الیکشن آفس کے اندر کھلی دہشت گردی کی گئی، یہ امپائر ساتھ ملا کر نہیں خود امپائر بنا شروع ہو گئے ہیں، ان لیگ والوں کو کہتے ہیں میثاق جمہوریت پر واپس آئیں۔

بقیہ جات 46

مانیٹرنگ کے لئے 29 ہزار کیمرے خریدے جا چکے ہیں اور اس حوالے سے سیف سٹیز اتھارٹی، پی ٹی سی ایل اور این آر ٹی سی کے درمیان معاہدہ طے پا گیا ہے۔ معاہدے کے مطابق کیمروں کی خریداری پر کل ایک ارب 35 کروڑ روپے لاگت آئے گی۔ اس حوالے سے انسپکٹر جنرل (آئی جی) پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور کا کہنا تھا کہ کیمرے الیکشن کی مانیٹرنگ اور پرامن انعقاد کو یقینی بنانے میں مددگار ہوں گے جبکہ الیکشن 2024 کے انعقاد کے بعد کیمرے حکومت پنجاب کی ملکیت ہوں گے۔ آئی جی پنجاب کا کہنا تھا کہ نئے کیمرے جدید اور نائٹ ویژن ٹیکنالوجی سے لیس ہوں گے۔ ڈاکٹر عثمان انور کا مزید کہنا تھا کہ الیکشن 2024 کے پرامن انعقاد کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔

بقیہ جات 47

تک مستحکم رہنے کے باوجود مارچ کے دوران شرح تبادلہ کو دھچکوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ انٹربینک مارکیٹ میں ایک کرنسی ڈیلر نے کہا کہ مارچ کے آخر تک شرح مبادلہ کے مستقبل کا تعین کرنے کے لیے بہت سے عوامل جمع ہو جائیں گے۔ مارکیٹ کے ماہرین نے اس بات پر زور دیا ہے کہ تیسری سہ ماہی کی اقتصادی کارکردگی پچھلی سہ ماہی اور مکمل مالی سال کے منظرنامے کا تعین کرے گی۔

بقیہ جات 48

ان کے ساتھ کھڑا ہے۔ پاکستان کشمیریوں کا وکیل ہے پاکستان کشمیر کی آزادی کا ضامن ہے، مسئلہ کشمیر اور مسئلہ فلسطین پر امت مسلمہ کی خاموشی افسوسناک ہے، تحریک آزادی کیلئے بہایا جانے والا مقدس لہو کبھی رائیگاں نہیں جائے گا۔ جمعیت علماء اہل حدیث کے چیئرمین قاضی عبدالقدیر خاموش دیگر رہنماؤں حاجی عبدالغفار سلفی، علامہ عبدالخالق فریدی، ثناء اللہ ڈار، ابوبکر قدوسی، حاجی محمد ایوب، حافظ عبدالباسط و دیگر نے کہا کہ پانچ فروری تجدید عہد کا دن ہے اس دن ہم کشمیریوں کے ساتھ اپنے وعدوں کے ایفا کا اعادہ کرتے ہیں، ہم نے نہ تو 77 سال پہلے بھارت کے فوجی قبضے کو تسلیم کیا تھا اور نہ ہی بھارت کی حالیہ جارحیت کے بعد ہم اپنے موقف سے دستبردار ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست کی بھارت کی جارحیت کے بعد پاکستان نے اس تعلق سے جو بھی اقدام کئے ہیں انہیں دنیا تسلیم نہیں کرتی، تاریخ گواہ ہے کہ کشمیریوں نے کبھی بھی قابضین کے آگے سر نہیں جھکایا ہندوستان کی غلط فہمی ہے کہ اس کے یہ اقدامات کشمیریوں کے حوصلے پست نہیں کر سکتے بھارت کی جانب سے ریاست میں آئینی دہشت گردی سے مسئلہ کشمیر زیادہ موثر انداز میں بین الاقوامی سطح پر اجاگر ہوا کوئی بھی آئینی ترمیم کشمیر کی حیثیت کو متاثر نہیں کرسکتی۔ کشمیریوں نے اس تحریک آزادی کشمیر کیلئے اپنا تن من دھن سب قربان کر دیا اور کرفیو اور بھارتی جارحیت، ظلم وستم کے باوجود کشمیری اپنے شہید بچوں کے جنازے پاکستانی پرچم میں دفناتے ہیں جو ان کی پاکستان کے ساتھ وابستگی اور محبت کا اظہار ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں انسانیت سوز مظالم دنیا کے سامنے آشکار کرنے کے عالمی برادری کی خاموشی سے شہ پاکر ہندوستان نے مقبوضہ کشمیر کو مقتل گاہ میں تبدیل کردیا ہے، ریاست کے مسلم تشخص کو اقلیت میں بدلنے کے لیے غیر ریاستی انتہا پسند ہندوؤں کی اسرائیلی طرز کی کالونیاں بسائی جارہی ہیں، طویل لاک ڈاؤن کے ذریعے ریاست جموں و کشمیر کو کھلی جیل میں تبدیل کردیا ہے عالمی برادری کشمیریوں کی حق خودارادیت کی قراردادوں پر سختی سے عمل درآمد کروائے۔ تاہم افسوسناک امر یہ ہے کہ 77 سال سے زائد گزرنے کے باوجود عالمی ادارہ اپنی منظور کردہ قراردادوں پر ابھی تک عمل درآمد نہیں کرا سکا ہے، جس کی وجہ سے کشمیری مسلسل شدید مشکلات کا شکار ہیں اور بھارت کشمیریوں کو اپنے پیدائشی حق، حق خودارادیت کا مطالبہ کرنے پر بدترین ریاستی دہشت گردی اور مظالم کا نشانہ بنا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر اور مسئلہ فلسطین کے منصفانہ حل تک دنیا کا امن خطرے میں ہے، اقوام عالم کی بے حسی کے باعث ہندوستان اور اسرائیل نے مظلوم مسلمانوں پر مظالم کی انتہا کررہے ہیں کشمیر میں جعلی مقابلوں میں نوجوانوں کو ہدف بنا کر شہید کیا جارہا ہے دنیا خاموشی کا روزہ توڑے اور کشمیریوں کو ان کا پیدائشی حق، حق خودارادیت دلوانے میں اپنا موثر کردار ادا کرے۔

بقیہ جات 49

اوز کو مراسلہ جاری کر دیا۔ مراسلے کے مطابق تمام ہسپتالوں اور متعلقہ اداروں میں تمام اسٹاف کی چھٹیاں منسوخ کردی گئی ہیں، ہسپتال انتظامیہ کو سٹورز میں ضروری ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ جات 50

پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار رہا ہے، پاکستان میں اقلیتوں کو مساوی شہری حقوق حاصل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کے زیراہتمام الیکشن 2024 کے حوالے سے عوامی آگاہی پیدا کرنے کے سلسلے میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار کا موضوع نوجوانوں، خواتین، خواجہ سراء اور ثقافتی اقلیتوں کی سیاسی شرکت اور انہیں بااختیار بنانا تھا۔ وفاقی وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ صرف وہی ملک ترقی اور خوشحالی کی طرف تیزی سے آگے بڑھتے ہیں جو تنوع پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو برابر شہری حقوق حاصل ہیں، پاکستان اسی وقت مضبوط ہوگا جب ہم قائداعظم محمد علی جناح کے تصور کے مطابق اقلیتوں کو برابر شہری حقوق دیں گے۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ اقلیتوں نے پاکستان کی اہم کامیابیوں میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، خاص طور پر تعلیم اور صحت کے شعبے میں ان کا فعال کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ نگران حکومت ایک آئینی اور قانونی سیٹ اپ ہے جو 8 فروری کو ملک میں آزادانہ، منصفانہ انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے آئین کے دیباچے میں لکھا ہے کہ یہ ملک اس کے منتخب نمائندے چلائیں گے جو صرف منصفانہ انتخابات کے ذریعے ہی اقتدار میں آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تمام تر قیاس آرائیوں کے باوجود نگران حکومت انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے اپنے موقف پر مستقل مزاجی سے قائم رہی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں جس حالت میں ملک ملا تھا اس سے بہتر حالت میں آئندہ منتخب حکومت کو دے کر جائیں گے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ 8 فروری کے انتخابات کے بعد اقتدار میں آنے والی حکومت ملکی معیشت سمیت ملک کے بنیادی مسائل پر توجہ مرکوز کرے گی۔

بقیہ جات 51

بھرپور حمایت کے اعلانات کا سلسلہ جاری ہے، ہمایوں اختر خان نے پی پی 102 سے امیدوار سردار سکندر حیات خان جتوئی کے ہمراہ چک نمبر 541 میں ترہانہ برادری کی جانب سے منعقدہ کارنر میٹنگ میں شرکت کی۔ اس موقع پر ترہانہ برادری نے الیکشن میں ہمایوں اختر اور ان کے پینل کی حمایت کا اعلان کیا۔ پل پیرا میں حاجی بشیر احمد قادری، ملک امین علی قادری، ملک بہادر علی قادری، عرفان بشیر قادری، ملک بشیر احمد قادری، ملک اکرام بشیر قادری، ملک عمران بشیر قادری، ملک بلال بشیر قادری کی جانب سے بھی کارنر میٹنگ کا انعقاد اور بھرپور حمایت کا اعلان کیا گیا۔ کارنر میٹنگز میں شرکت کے لئے آمد کے موقع پر ہمایوں اختر خان اور سردار سکندر حیات جتوئی کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ہمایوں اختر خان نے کہا کہ حلقے کی عوام نے جس طرح عزت و احترام اور پذیرائی دی ہے ہم بھی انہیں مایوس نہیں کریں گے۔ عوام اب باشعور ہو چکے ہیں اور وہ جانتے ہیں 76 سالوں میں ان سے ووٹ حاصل کرنے والوں نے ان کی حالت زار بدلنے کی بجائے صرف اپنی حالت بدلی ہے۔ اس علاقے میں محرومیوں کے سائے اسنے گہرے ہیں جنہیں دور کرنے کیلئے بڑی محنت درکار ہے۔ ہم نے اپنے منشور کے ذریعے عوام سے جو وعدے کئے ہیں انہیں پورا کرنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔ ہمارا عزم ہے کہ ہم علاقے کی دہائیوں کی محرومیاں دور کرنے کے ساتھ ساتھ علاقے میں ترقی و خوشحالی کے منصوبے بھی شروع کریں گے کسانوں کیلئے ویئر ہاؤسز، معیاری کھاد، بیج اور زرعی ادویات کی سرکاری نرخوں پر فراہمی کیلئے فیئر پرائس شاپس کا قیام عمل میں لائیں گے، زرعی ٹیوب ویلوں کو سولر پر منتقل کرنے کا منصوبہ شروع کریں گے، نوجوان جن کی بڑی تعداد بیروزگار ہے انہیں مختلف منصوبوں کے ذریعے قومی دھارے میں شامل کریں گے، ان کے لئے آئی ٹی کے ادارے بنائیں گے، انہیں وہ جدید ہنر سکھائیں گے جس کی مارکیٹ میں مانگ ہے، انڈسٹریل زون کا قیام بھی بہت بڑا منصوبہ ہے اس کے لئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے، ہم اپنے علاقے کے حقوق کے لئے ایوانوں میں آواز بلند کریں گے۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ آپ نے 8 فروری کو اپنی محرومیوں کے خاتمے اور ترقی وخوشحالی کو ووٹ دینا ہے، ہمارا عزم ہے کہ ہم آپ کے ساتھ مل کر اس علاقے کی تقدیر بدل دیں گے۔

بقیہ جات 52

تم 8 سے 10 لاکھ درکار ہوں گے۔ ایسے افراد کے لیے خوشخبری ہے کہ سولر پینلز کی قیمت گزشتہ سال کی نسبت اب آدھی ہوگئی ہیں اور اب سولر پینل سسٹم کی تنصیب گزشتہ سال کی نسبت 35 سے 40 فیصد کی بچت کے ساتھ ممکن بنائی جاسکتی ہے۔ گزشتہ سال کی نسبت سولر پینلز کی قیمت میں 50 فیصد سے زائد کمی ہوئی ہے، اس وقت سولر پینل کی فی واٹ قیمت 50 سے 60 روپے ہے جو کہ گزشتہ سال 120 روپے تھی۔ سولر پینل سسٹم کی کل لاگت کا 70 فیصد حصہ پینلز کی قیمت پر منحصر ہوتا ہے، اگر پینلز کی قیمت 50 روپے سے زائد کم ہوئی ہے تو مکمل سولر سسٹم نصب کروانے والوں کا گزشتہ سال کی نسبت 35 سے 40 فیصد کم خرچ آئے گا۔ ماہرین کے مطابق 5 مرلے کے گھر میں پانچ سے سات کلو واٹ کا سولر سسٹم نصب کروایا جاتا ہے، جس کی مجموعی لاگت گزشتہ سال 12 سے 15 لاکھ روپے تک تھی تاہم اب سولر پینل سستے ہونے کے باعث اسی سسٹم کو 8 سے 10 لاکھ روپے میں نصب کروایا جاسکتا ہے۔ دوسری جانب بڑے گھروں میں 10 سے 15 کلو واٹ کے سسٹم کی تنصیب پر آنیوالی لاگت گزشتہ سال 22 سے 25 لاکھ روپے تھی جسے اب 13 سے 15 لاکھ روپے میں ممکن بنایا جاسکتا ہے، اسی طرح چھوٹے گھروں میں 4 سے 5 لاکھ روپے اور بڑے گھروں میں 8 سے 10 لاکھ روپے کے کم خرچ پر سولر پینل سسٹم نصب کروایا جاسکتا ہے۔

بقیہ جات 53

بنچ اور بار میں ضد بازی نہیں چل سکتی، بارز اور وکلاء کو تقسیم کرنے کے شوقین وکلا اپنا قبلہ درست کر لیں ورنہ سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، تنازعہ نوٹیفکیشن کو کالعدم قرار دے کر کراچی کی طرح لاہور کو تمام بکھری عدالتوں کو بھی ایک جوڈیشل کمپلیکس میں اکٹھا کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ممبران بار سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سابق وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل فرحان شہزاد، ندیم چوہدری، ایگزیکٹو کمیٹی چیئرمین پنجاب بار کونسل پیر عمران اکرم بودلہ، صدر لاہور بار محسن بھٹی، سیکرٹری لاہور بار راؤ تحسین شریف، ممبر پنجاب بار کونسل عرفان حیات باجوہ، احمد یار چاودی، ذبیح اللہ ناگرہ اور دیگر بھی موجود تھے۔ وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل کامران بشیر مغل نے کہا کہ پورے پنجاب کی بارز میں لیگل ایکسیس اور بارز ڈویلپمنٹ فنڈز پر عملدرآمد شروع کروا دیا گیا ہے، لاء گریجوئیٹ نوجوان وکلاء طالبعلم پنجاب بار کی ویب سائٹ پر لیکچرز سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے لئے وکلاء کے مفادات اور ان کی فلاح و بہبود پہلی ترجیح ہے اور اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ جات 54

ریٹائرڈ رشید اے رضوی کی نماز جنازہ کراچی میں ادا کردی گئی جس میں چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے بھی شرکت کی۔ سابق جج اور سینئر قانون دان جسٹس ریٹائرڈ رشید اے رضوی کی نماز جنازہ کراچی کے علاقے ڈیفنس میں واقع امام بارگاہ یثرب میں ادا کردی گئی۔ سندھ ہائی کورٹ کے سابق جج کی نماز جنازہ میں چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس قاضی فائز عیسیٰ، نگران وزیر اعلیٰ سندھ جسٹس (ر) مقبول باقر اور نگران وزیر اطلاعات سندھ احمد شاہ سمیت ججز، وکلاء اور عام لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ معروف قانون دان رشید اے رضوی علالت کے باعث کلفٹن کے نجی ہسپتال میں زیر علاج تھے جہاں گزشتہ روز 77 برس کی عمر میں ان کا انتقال ہوگیا تھا۔ وہ 1947 میں ممبئی میں پیدا ہوئے اور ان کا خاندان ہجرت کر کے کراچی آگیا، انہوں نے کراچی یونیورسٹی سے معاشیات میں ماسٹر ڈگری حاصل کی، انہوں نے 70 کی دہائی کے اوائل میں گورنمنٹ اسلامیہ لاء کالج سے قانون کی ڈگری حاصل کی اور قانونی پیشے سے منسلک ہوگئے۔ 1978 میں انہوں نے اپنی لا فرم رشید رضوی اینڈ ایسوسی ایٹس قائم کی، بعد ازاں وہ خصوصی بینکنگ کورٹ کے جج کے طور پر تعینات ہوئے اور پھر 1995 میں سندھ ہائی کورٹ کے جج کے عہدے پر فائز ہوئے۔ انہوں نے اس وقت کے فوجی آمر پرویز مشرف کے جاری کردہ پی سی او کے تحت حلف اٹھانے سے انکار کر دیا تھا۔ اس کے بعد انہوں نے اپنی لا فرم دوبارہ قائم کی اور بار کی سیاست میں سرگرم ہوگئے، وہ 2001 سے 2016 کے درمیان 4 مرتبہ سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر منتخب ہوئے اور سندھ بار کونسل کے وائس چیئرمین کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔

بقیہ جات 55

کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ژوب میں زلزلے کی شدت 3.8 ریکارڈ کی گئی ہے جبکہ گہرائی 24 کلومیٹر زیر زمین تھی، زلزلے کا مرکز ژوب سے 33 کلومیٹر شمال مشرق میں تھا۔ خیال رہے کہ رات گئے ضلع لورالائی میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے تھے جس کی شدت 4.2 اور گہرائی 18 کلومیٹر بتائی گئی تھی۔

بقیہ جات 56

خیمے، ترپال اور کمبل شامل ہیں خصوصی پرواز امدادی سامان لے کر مصر کے شہر العریش پہنچے گی، جہاں تعینات پاکستانی سفیر امدادی سامان وصول کریں گے، امدادی سامان وصولی کے بعد تقسیم کے لیے غزہ روانہ کردیا جائے گا، این ڈی ایم اے، وزارت خارجہ اور مسلح افواج کے افسران نے نورخان ایئربیس میں روانگی کی تقریب میں شرکت کی، پاکستانی فلسطینی عوام کی بھرپور حمایت اور غزہ میں شہریوں بالخصوص خواتین اور بچوں کے خلاف اسرائیل کی جانب سے غیر متناسب اور اندھا دھند طاقت کے استعمال کی مذمت کرتا ہے، این ڈی ایم اے کی جانب سے 6 فروری کو 100 ٹن امدادی سامان کی چھٹی امدادی کھیپ کا بھی انتظام کیا گیا ہے، جو کراچی سے مصر کے لیے روانہ ہوگی، پاکستان کی جانب سے اب تک غزہ کی مصیبت زدہ عوام کے لیے پانچ پروازوں کے ذریعے مجموعی طور پر 230 ٹن امدادی سامان روانہ کیا جاچکا ہے، غزہ کے لیے مزید امدادی سامان کا بھی انتظام کیا جارہا ہے، جو بہت جلد پاکستانی عوام کی جانب سے بھیجا جائے گا، پاکستان مشکل کی اس گھڑی میں فلسطینی بہن بھائیوں کے لیے امداد کا سلسلہ جاری رکھے گا۔

بقیہ جات 57

گیا کہ وہ اپنی میٹنگز گھر کے اندر کریں، حکومت بلوچستان انتخابی مہم کی ضرورت کو تسلیم کرتی ہے لیکن عوامی تحفظ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ جات 58

160 بہاولنگر کے سید محمد اصغر، پی پی 238 کے انعام باری لالیکا سے بھی وضاحت طلب کی گئی ہے جبکہ بہاولپور کے مختلف حلقوں کے 9 امیدواروں کو بھی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر نوٹس جاری کیے گئے۔ صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب کا کہنا ہے کہ صوبہ بھر میں انتخابی مہم کی مانیٹرنگ کا مربوط نظام بھرپور طریقے سے فعال ہے۔

ایک بارش سے ثابت ہو گیا شہر کراچی پر دشمن حکومت کا قبضہ ہے، خالد مقبول

نگراں سندھ حکومت صرف پیپلز پارٹی کی نگرانی کر رہی ہے، مرتضی وہاب جھرلو الیکشن کے بعد میئر منتخب ہوئے، یہ لوگ سندھ میں مسلط ہیں

ایک بارش نے پورے سسٹم کو بے نقاب کر دیا' کراچی پر میئر مرتضی وہاب قابض ہیں اور پیپلز پارٹی کا ایوانوں پر قبضہ ہے' کنوینئر ایم کیو ایم

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایم کیو ایم پاکستان کے کنوینئر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ بارش کے بعد کراچی چیخ چیخ کر بول رہا تھا کہ کراچی پر دشمنوں کی حکومت ہے۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نگراں سندھ حکومت صرف پیپلز پارٹی کی نگرانی کر رہی ہے، مرتضی وہاب جھرلو الیکشن کے بعد میئر کراچی منتخب ہوئے، 15 سال سے یہ لوگ سندھ میں مسلط ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک بارش (بقیہ نمبر23)

لاہور، ستے اتوار بازار میں شہری خریداری کر رہے ہیں

کشمیریوں کو ان کا تسلیم شدہ حق ملنا چاہیے' متحدہ علماء کونسل

دنیا کی مظلوم مسلمانوں کیلئے دوغلہ پالیسی اسلام دشمنی ہے، اقوام متحدہ کا کردار ہمیشہ منافقانہ رہا ہے

لاہور (این این آئی) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا محمد راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کشمیریوں کو ان کا تسلیم شدہ حق ملنا چاہئے، ظالم مودی انسانیت کا قاتل بن چکا ہے، کشمیر میں سفاکیت کی انتہا ہو (بقیہ نمبر24)

سعودی عرب کی سرکاری حج ویب سائٹ پر رقم واپس نہ کرنے کا الزام

ریفنڈ ملا ہے نہ یہ کہا گیا ہے کہ وہ بعد میں حج کر سکتے ہیں، عمر اور اہلیہ راحمہ

لندن (این این آئی) برطانیہ کے ایک جوڑے نے سعودی عرب کی سرکاری حج ویب سائٹ پر رقم واپس نہ کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ لیسٹر کے محمد عمر اور اس کی اہلیہ راحمہ عمر کو یہ خدشہ لاحق ہے کہ ان کا 20 ہزار برطانوی پاؤنڈ کا حج ٹرپ ناکامی سے دوچار ہو جائے گا۔ محمد عمر اور راحمہ عمر نے زندگی بھر کی بچت کی مدد سے حج پیکیج بک کرایا تھا تاہم وہ حج کا سفر ہی نہ کر سکے کیونکہ ان کے فضائی ٹکٹ ہی کبھی (بقیہ نمبر25)

سیدنا امیر معاویہؓ کا دور خلافت امن و امان کا گہوارہ تھا' سنی علماء کونسل

سیدنا امیر معاویہؓ کے یوم وفات پر سرکاری چھٹی کی جائے' مولانا طاہر اشرف، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) سنی علماء کونسل کے زیراہتمام ملک بھر کی طرح پنجاب کے تمام ضلعی مقامات اور لاہور میں کاتب وحی جلیل القدر صحابی، پہلے اسلامی بحری بیڑے کے موجد سیدنا حضرت امیر معاویہؓ کے یوم وفات پر مدح صحابہ احتجاجی و مطالباتی جلوس نکالا گیا جس میں شہر لاہور سے بہت بڑی تعداد میں کارکنان نے شرکت کی۔ اسی سلسلہ میں سنی علماء کونسل لاہور کے زیراہتمام شان سیدنا (بقیہ نمبر26)

این اے 82 سے جے یو آئی امیدوار کی

ن لیگ کے امیدوار کی حمایت کا اعلان

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا سے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 82 سے جمعیت علماء اسلام ف کے امیدوار نائب امیر پنجاب راؤ عبدالقیوم نے الیکشن سے دستبردار ہو کر اپنے ساتھیوں سمیت مسلم لیگ ن کے امیدوار ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ گروپ کی حمایت کا اعلان کر دیا جس سے حلقہ میں پی پی پی اور مسلم لیگ کے درمیان کانٹے دار مقابلہ ہوگا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ بھیرہ میں منعقدہ ایک سیاسی اجتماع میں جمعیت علماء اسلام ف کے امیدوار قومی اسمبلی نائب صدر پنجاب راؤ عبدالقیوم نے الیکشن سے دستبردار ہونے اور مسلم لیگ ن کے امیدوار ڈاکٹر اعجاز احمد بھرتھ گروپ کی حمایت کا اعلان کر دیا

جنرل الیکشن 2024ء کے لئے

ایمرجنسی کور پلان جاری

ننکانہ صاحب (این این آئی) پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب میں جنرل الیکشن 2024ء کے حوالے سے ایک میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار نے کی۔ میٹنگ میں کنٹرول روم انچارج محمد نوید، ریسکیو سیفٹی آفیسر علی عمران، تینوں تحصیلوں کے ریسکیو انچارجز، میڈیا کوآرڈینیٹر علی اکبر اور تمام ریسکیو افسران نے شرکت کی۔

آٹھ فروری شیر پہ لگائی مہر ملکی

تقدیر بدل دیگی، رانا عبدالغفار

خالق نگر (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماء سابق چیئرمین یونین کونسل 250 تھہ پنچو امیدوار برائے صوبائی اسمبلی رانا عبدالغفار نے کہا ہے کہ 8 فروری کو شیر کے نشان پہ لگائی گئی مہر ملکی تقدیر بدل دے گی، عوام پاکستان کو مسائل کے بھنور سے نکالنے کے لئے مسلم لیگ ن کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے انتخابی مہم کے دوران اہل علاقہ سے گفتگو (بقیہ نمبر22)

تاندلیانوالا، استحکام پاکستان پارٹی کے سنیئر نائب صدر ہمایوں اختر انتخابی مہم کے سلسلہ میں کارنر میٹنگ میں شرکت کیلئے آ رہے ہیں

لیسکو، 51ہزار 338 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے

2ارب 75 کروڑ 47لاکھ 87ہزار 610روپے کی بجلی چوری پکڑی گئی' ترجمان لیسکو

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف آپریشن بلاتعطل جاری ہے اور 148روز سے جاری مہم کے دوران 51ہزار 338ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 47ہزار 500 ملزمان کے خلاف مقدمات درج کروا کر 17ہزار 466ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان لیسکو کے مطابق بجلی چوروں کو اب تک 7 کروڑ 11لاکھ 54ہزار 633یونٹس چارج کئے گئے جن کی مالیت 2ارب 75 کروڑ 47لاکھ 87ہزار 610روپے بنتی ہے ۔ ترجمان کے مطابق 24 گھنٹوں میں 366ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 151ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرائے گئے جبکہ 6ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ پکڑے جانے والے کنکشنز میں 13 (بقیہ نمبر21)

وزیر ہاؤسنگ کا کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور بند روڈ منصوبے کا دورہ

ڈیڈ لائن کے مطابق منصوبے کی تکمیل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں' وزیر ہاؤسنگ کی ہدایت

لاہور (این این آئی) نگران وزیر ہاؤسنگ سید اظفر علی ناصر نے کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کے ہمراہ رات گئے کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور بند روڈ منصوبے کا دورہ کیا۔ چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید، پراجیکٹ ڈائریکٹر اور دونوں پیکجز کے کنٹریکٹرز نے پیش رفت بارے بریفنگ دی۔ پیکج ون کا مجموعی طور پر 81 فیصد اور پیکج ٹو کا 69 فیصد کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ منصوبے کا پیکج ون جلد مکمل کر لیا جائے گا، بلاتعطل چوبیس گھنٹے کام جاری ہے۔ نیازی چوک تا سکیاں تمام سیکشنز پر سٹیج بیمز اور الیکٹرک پولز لگانے کا عمل جاری ہے۔ پیکج ون پر اسفالٹ کا کام بھی تیزی سے جاری ہے

لاہور، بچے باغ جناح سے ملحقہ چلڈرن پارک میں کھیل کود میں مصروف ہیں

لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں بارش سے سردی میں اضافہ

فضائی آلودگی میں بھی کمی، خشک موسم میں واضح بہتری آ گئی ہے، موسمی بیماریاں کم ہوں گی' ماہرین

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں کہیں تیز اور کہیں ہلکی بارش سے سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا۔ لاہور کے علاقے گوالمنڈی، ایبٹ روڈ، شملہ پہاڑی، لکشمی چوک، مال روڈ، ہال روڈ، سانده، کرشن نگر، چوبرجی، جیل روڈ، مزنگ، گلبرگ، شادمان، کینٹ، مسلم ٹاؤن، فیروز پور روڈ سمیت دیگر علاقوں میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ ڈیفنس، گارڈن ٹاؤن، کینال روڈ، ٹھوکر نیاز بیگ، جوہر ٹاؤن، علامہ اقبال ٹاؤن، وحدت روڈ، مصطفیٰ ٹاؤن میں بھی بادل برسے۔ اس کے علاوہ پنجاب کے مختلف علاقوں گوجرہ، جھنگ، پنڈی بھٹیاں، شرقپور، شیخوپورہ، صفدر آباد، مریدکے، پھولنگر، قصور، کاہنہ اور دیگر علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش سے موسم خوشگوار ہو گیا ہے۔

عوام اپنے حقوق کیلئے جے یو آئی کا ساتھ دیں' افضل خان

تین دہائیوں سے مسلط سابق نمائندوں کے پاس عوام کو ریلیف دینے کیلئے کوئی پروگرام نہیں ہے

لاہور (این این آئی) امیدوار این اے 118، پی پی 148 امیر جمعیت علمائے اسلام سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں (بقیہ نمبر20)

شیر کا نشان مضبوط، خوشحال پاکستان کی علامت ہے، چودھری محمد علی

عام انتخابات میں عوام شیر کا ساتھ دیں اور گھروں سے باہر نکل کر شیر پر ٹھپہ لگائیں، رہنماءن لیگ کی گفتگو

خالق نگر (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماء و امیدوار جنرل کونسلر خالق نگر چودھری محمد علی جٹ نے کہا ہے عوام 8 فروری کو ملک کی قسمت سے کھیلنے والوں کا کڑا احتساب کریں گے۔ اور ملک و قوم کی خدمت کرنے والے محب وطن لیڈر میاں نواز شریف کو بھاری اکثریت سے کامیاب کریں گے۔ شیر کا نشان مضبوط خوشحال پاکستان کی علامت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک (بقیہ نمبر19)

لاہور، سنی علماء کونسل کے زیراہتمام حضرت امیر معاویہ کانفرنس سے حافظ حسین احمد خطاب کر رہے ہیں

عوام مایوس کرنے والے حکمرانوں کا بدلا 8فروری کو چکا دیں' ذبیح اللہ بلگن

ملک میں اندھیروں کی ذمہ دار سابقہ حکمران پارٹیاں ہیں، ان کو سو سال بھی ملے تو روشنی نہیں پھیلے گی

رائے ونڈ (این این آئی) جماعت اسلامی کے رہنما، امیدوار حلقہ این اے 125 ذبیح اللہ بلگن نے کہا ہے کہ ملک کے عوام مایوس کرنے والے حکمرانوں کا بدلا 8فروری کو چکا دیں، ملک میں اندھیروں کی ذمہ دار سابقہ حکمران پارٹیاں ہیں، ان کو سو سال بھی ملے تو روشنی نہیں پھیلے گی، اسلامی نظام (بقیہ نمبر1)

معیشت کی مضبوطی کے لئے نواز شریف کا ساتھ دینا ہوگا، اضرار علی کھوکھر

مسلم لیگ ن ہی پاکستان میں خوشحالی لائے گی، بے روزگاری ختم کرے گی، رہنماءن لیگ کی گفتگو

خالق نگر (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماء و سابق کونسلر خالق نگر حاجی اضرار علی کھوکھر نے کہا ہے 8 فروری کا سورج مسلم لیگ ن کی فتح کی نوید سے طلوع ہوگا، مسلم لیگ ن کا منشور عوام کی فلاح و بہبود کا ضامن ہے، انہوں نے کہا کہ ملک و قوم کی ترقی اور معیشت کی مضبوطی (بقیہ نمبر1)

لاہور، ایک شخص گھر کا چولہا جلانے کیلئے لکڑیاں اٹھائے جا رہا ہے

پیپلز پارٹی بلاتفریق عوام کی خدمت کرنا چاہتی ہے' چودھری عبدالغفور

میں عوام کا، عوام میرے ہیں انشاءاللہ تعالی زندگی بھر ہم ساتھ رہیں گے' کارنر میٹنگ سے خطاب

رائے ونڈ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے حلقہ این اے 125 سے امیدوار و سابق صوبائی وزیر چودھری عبدالغفور خاں نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کا عوام سے سیاسی نہیں بلکہ محبت کا رشتہ ہے، میں عوام کا ہوں اور عوام میرے ہیں اور انشاءاللہ تعالی زندگی بھر ہم ساتھ رہیں گے، پیپلز پارٹی بلا تفریق عوام کی خدمت کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے انتخابی مہم کے دوران کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج آپ نے اپنا فیصلہ سنا دیا ہے کہ 8 فروری کو جیت تیر کی ہوگی، انشاءاللہ حکومت بنانے کے بعد ملک بھر سے نفرت اور تقسیم کی سیاست کا خاتمہ کریں گے۔ میں پاکستان کے عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ آئیں آپ تیر پر مہر لگائیں اور چنو نئی سوچ کو چنو پاکستان پیپلز پارٹی کو۔ چودھری عبدالغفور نے کہا کہ تقریباً ہر سیاسی جماعت عوام کو کسی نہ کسی حوالے سے تقسیم کرنا چاہتی ہے

این اے 103 سے آزاد

امیدوار ن لیگ کے امیدوار

حاجی اکرم کے حق میں دستبردار

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد کے حلقہ این اے 103 سے آزاد امیدوار چوہدری شکیل جٹ مسلم لیگ (ن) کے امیدوار حاجی اکرم انصاری کے حق میں دستبردار ہو گئے مسلم لیگ ن کی مکمل حمایت کا اعلان' اس دستبرداری کا اعلان انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر منعقدہ تقریب کے دوران کیا جس کے مہمان خصوصی امیدوار مسلم لیگ (ن) این اے 103 حاجی اکرم انصاری تھے' تقریب میں مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ سٹی کے جنرل سیکرٹری ملک شاہد علی سمیت علاقہ سابق چیئرمین شیخ محمد اسلم' ابرار شریف قادری' ملک (بقیہ نمبر3)

بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے بغیر

معاشرے تباہ ہو جاتے ہیں' مقررین

لاہور (این این آئی) بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے بغیر معاشرے تباہ ہو جاتے ہیں، مظلوم طبقے کو بلا معاوضہ انصاف تک رسائی ملنی چاہیے، معاشرے کو انتشار سے بچانے کے لئے وسائل کی منصفانہ تقسیم ناگزیر ہے، اب سیاسی جماعتوں کو نعروں کی بجائے عملی اقدامات بھی کرنا ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے ہیومن رائٹس پروٹیکشن اینڈ سوشل جسٹس کے سالانہ سیمینار کے موقع پر اظہار (بقیہ نمبر4)

مسئلہ کشمیر کو عوام کی خواہشات کے مطابق

حل کیا جائے' میاں عامر رزاق

لاہور (این این آئی) پیس فار لائف ویلفیئر فاؤنڈیشن کے صدر میاں عامر رزاق نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم روز اول سے کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف کھڑی ہے، پوری دنیا کشمیر پر بھارتی تسلط کے خلاف آواز بلند کر رہی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر تمام پاکستانی قوم کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد جہاں حق خودارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کرنے (بقیہ نمبر5)

لاہور، ہوم سیکرٹری میاں شکیل احمد الیکشن میں کیے جانیوالے سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایم کیو ایم مردہ گھوڑا بن چکی جس کو زندہ کرنے کی کوشش ہو رہی ہے، مراد علی شاہ

بلاول واحد لیڈر جو اپنا پروگرام اپنی سوچ بتا رہے ہیں، باقی تو ماضی میں پھنسے ہوئے ہیں کہ مجھے کیوں نکالا؟ شریفوں نے اپنی ٹرم پوری نہیں کی اللہ

ہماری امپائر ہماری عوام ہے فیصلہ عوام دیتی ہے، ن لیگ کے لیے اس وقت بہت کوشش کی جا رہی ہے، پنجاب میں ہم اچھی سیٹیں نکالیں گے'

حیدر آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم ایک مردہ گھوڑا بن چکی ہے جس کو خوراک دے کر زندہ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ سابق وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پورے پاکستان میں ایک ہی لیڈر ہیں جو پورے پاکستان میں جلسے کر رہے ہیں، کل سے برسات ہے، میر پور خاص میں تیز بارش میں لوگ بیٹھے تھے، حیدر آباد کے لوگ پیپلز پارٹی کے چاہنے والے ہیں وہ (بقیہ نمبر18)

کراچی، بارش کے دوران ایک ریڑھی بان اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہے

نقل کرتے پکڑی جانیوالی مصری رکن پارلیمنٹ کا وکیل دستبردار

عرب ٹی وی سے گفتگو میں وکیل نے بغیر وجہ بتائے کیس کی پیروی سے انکار کر دیا

قاہرہ (این این آئی) مصر میں لا کے امتحان میں مبینہ طور پر نقل کرتے پکڑی جانے والی خاتون رکن پارلیمنٹ نشوی رائف کے وکیل نے اس کے کیس کی پیروی سے انکار کر دیا، خاتون رکن پارلیمنٹ کو امتحان میں رنگے ہاتھوں پکڑے جانے اور خاتون پروفیسر کو تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعے کے بعد پارلیمنٹ نے اسے حاصل آئینی تحفظ ختم کر دیا تھا اور اس کے خلاف عدالتی کارروائی شروع کی گئی

سعودی فوجی ریٹائرمنٹ کے بعد کار مکینک بن گیا

فارغ وقت گاڑیوں کی دیکھ بھال کے شوق کو عملی جامہ پہنانا شروع کر دیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے علاقے جازان میں ابوعریش گورنری سے تعلق رکھنے والے ایک سعودی شہری نے فوج میں تیس سال کی ملازمت سے ریٹائر ہونے کے بعد اپنے فارغ وقت گاڑیوں کی مرمت اور دیکھ بھال کے اپنے شوق کو عملی جامہ پہنانا شروع کر دیا ہے۔ علی الشہری نے عرب ٹی وی کو بتایا کہ وہ رائل سعودی لینڈ فورسز مینٹیننس کور ڈپارٹمنٹ کی قیادت میں ملازمت کرتے تھے (بقیہ نمبر14)

ریٹیلرز کیلئے ٹیکس اسکیم بارے تحفظات کو دور کیا جانا چاہیے' اشرف بھٹی

کسی بھی فیصلے یا پالیسی کے نفاذ سے قبل اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جانا چاہیے'

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ مہم جوئی سے مثبت نتائج حاصل نہیں ہو سکتے، ایف بی آر کی ریٹیلرز کیلئے ٹیکس اسکیم بارے کچھ تحفظات ہیں جنہیں دور کیا جانا چاہیے، فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے نام پر بجلی کے بلوں میں ماہانہ بنیادوں پر اضافہ ناقابل قبول ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک ہنگامی مشاورتی اجلاس سے خطاب (بقیہ نمبر13)

مظلوم کشمیریوں پر بھارتی محاصرہ فوری بند کیا جائے
کشمیر کی آزادی تک جنگ رہے گی جنگ رہے گی
پاکستان سنی تحریک
Indian Brutality in KASHMIR
KASHMIR

لاہور، پاکستان سنی تحریک کے زیراہتمام کشمیریوں پر بھارتی مظالم کے پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

پنجاب یونیورسٹی کیمپ کے زیراہتمام

پانچ روزہ ڈی این اے پر تربیتی

ورکشاپ کی اختتامی تقریب کا انعقاد

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی سنٹر فار اپلائیڈ مالیکولر بیالوجی اور سنٹر آف ایکسی لینس ان مالیکولر بیالوجی کے زیراہتمام پر سیکوئنسنگ ڈی این اے (Sequencing DNA) پر پانچ روزہ تربیتی ورکشاپ کی اختتامی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت بانی ڈائریکٹر کیمب پروفیسر ڈاکٹر شیخ ریاض الدین نے کی۔ تقریب میں ڈائریکٹر سی اے ایم بی پروفیسر ڈاکٹر ریحان صادق، سابق (بقیہ نمبر15)

جہلم، موٹر سائیکل گہری کھائی

میں جا گری، بچی اور والد جاں بحق

دینہ (این این آئی) جہلم کی تحصیل دینہ میں موٹر سائیکل گہری کھائی میں گر گئی جس کے نتیجے میں چار سالہ بچی اور اس کے والد جان کی بازی ہار گئے۔ افسوس ناک حادثہ قلعہ روہتاس روڈ پر پیش آیا جہاں موٹر سائیکل بریک فیل ہونے پر گہری کھائی میں گر گئی، موٹر سائیکل سوار چار سالہ بچی اور والد موقع پر دم توڑ گئے جبکہ والدہ اور سات سالہ بچی شدید زخمی ہوئے ہیں۔ حادثے کی اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور لاشوں اور زخمیوں کو ٹی ایچ کیو ہسپتال دینہ منتقل کر دیا

الحمرا میلوڈیز میں نامور گلوکار اعجاز حسین

آفریدی کی پرفارمنس

لاہور (این این آئی) لاہور آرٹس کونسل الحمراء کے زیراہتمام الحمراء میلوڈیز کے نئے سگمنٹ میں نامور گلوکار اعجاز حسین آفریدی نے پرفارم کیا۔ اعجاز حسین آفریدی کی آواز کا سوز سننے والوں کی سماعتوں کو متاثر کرتی رہی۔ الحمراء میلوڈیز کے پلیٹ فارم پر جانے مانے گلوکاروں کی شاندار پرفارمنس کے باعث الحمرا میلوڈیز سپرہٹ پروگرام کا روپ دھار چکا ہے۔ اس حوالے سے سربراہ الحمراء کے (بقیہ نمبر12)

پیپلز پارٹی کے انتخابی دفتر پر حملہ قابل مذمت ہے' شیری رحمان

بلاول کی قیادت میں پیپلز پارٹی کی لاہور میں مقبولیت کی وجہ سے مخالفین بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے ہیں

کراچی (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی و سینیٹر شیری رحمان نے لاہور کے حلقہ پی پی 160 میں پیپلز پارٹی کے الیکشن آفس پر حملے کی مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ لاہور میں مسلم لیگ (ن) کے این اے 127 کے امیدوار کی جانب سے پیپلز پارٹی کے الیکشن آفس پر مسلح افراد کے ساتھ حملہ قابل مذمت اور انتہائی تشویشناک ہے۔ مسلح افراد نے حلقہ پی پی 160 میں (بقیہ نمبر17)

عوام انتخابات میں لوٹوں کا صفایا کر دیں' چوہدری برجیس طاہر

انتخابات میں (ن) لیگ کی کامیابی یقینی ہوگی، نواز شریف چوتھی بار ملک کے وزیراعظم بنیں گے' خطاب

سانگلہ ہل (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، حلقہ این اے 111 سے امیدوار چوہدری برجیس طاہر نے کہا ہے کہ قائد مسلم لیگ (ن) نواز شریف پاکستان کے 3 بار وزیراعظم رہے وہ 8 سال جیل یا پھر جلاوطن میں گزارے، انہیں نہ نکالا جاتا تو یہ ملک آج ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہوتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ پی پی 132 میں مختلف گاؤں میں کارنر میٹنگز اور عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر (ن) لیگ کے پی پی 132 میں نامزد امیدوار میاں اوجاز حسین بھٹی نے بھی خطاب کیا۔ چوہدری برجیس طاہر نے کہا کہ 08 فروری کو ہونے والے (بقیہ 6 نمبر16)

ڈیجیٹل شو ''شام کی چائے'' سیزن تھری رواں ماہ شروع ہوگا

شام کی چائے سیزن تھری کا جلد ہی شام کی چائے یوٹیوب چینل پر آغاز ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) کینیڈین پاکستانی پاور ہاؤس نتاشا سید کی میزبانی میں ان کے تخلیق کردہ مشہور ڈیجیٹل شو ''شام کی چائے'' کا سیزن تھری رواں ماہ فروری کے وسط میں شروع ہوگا۔ شو کی پہلی دو سیریز کی کامیابی کی بنیاد پر ''شام کی چائے'' کے تیسرے سیزن میں 1947 کی تقسیم سے متعلق تاریخی گفتگو کا موضوع چنا گیا ہے، جس میں ان غیر معروف داستانوں پر توجہ مرکوز کی گئی ہے جو اب تک نگاہوں سے اوجھل تھیں۔ شام کی چائے کے سیزن تھری میں پاکستان کی ابتداء، ہندوستان کی تقسیم اور پاکستانی شناخت کے پیچیدہ پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے تقسیم سے پہلے اور بعد کے فن و ثقافت، خوراک، ڈیزائن اور فن تعمیر میں میراث اور زندہ تاریخ کا کھوج لگایا گیا ہے۔ نتاشا سید درحقیقت خود سافٹ ویئر انجینئرنگ کے پس منظر کے ساتھ ایک تجربہ کار سینئر پراڈکٹ منیجر ہیں، جنہوں نے پاکستان سے اپنے جذباتی لگاؤ کے باعث شام کی چائے کا خیال تخلیق کیا۔ کینیڈا میں پرورش پانے والی نتاشا اپنے ورثہ سے گہری وابستگی رکھتی ہیں، تاہم میڈیا میں پاکستان سے متعلق منفی منظر کشی سے وہ انتہائی مایوس تھیں

انتخابات کی شفافیت ناگزیر ہے' ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

معاشی سمت کے حوالے سے فیصلوں کیلئے اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینا ہوگا' پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے سیاسی اور معاشی استحکام کیلئے انتخابات کی شفافیت کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ نازک ترین حالات میں ملک متنازعہ الیکشن کا متحمل نہیں ہو سکتا، کوئی بھی جماعت تنہا ملک کو مسائل کے گرداب سے باہر نہیں نکال سکتی، معاشی سمت کے حوالے سے فیصلوں کیلئے سیاسی جماعتیں صرف اپنی معاشی ٹیموں پر اکتفا نہ کریں بلکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو مشاورت کا حصہ بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار ایسوسی ایشن کے چیئرمین جاوید اقبال قاضی اور صدر (بقیہ نمبر11)

یوم کشمیر رسمی نہیں قومی جذبے کے ساتھ منایا جائے' قاری اعظم حسین

کشمیریوں کی عظیم جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں اور مکمل آزادی تک ان کی حمایت جاری رکھیں گے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) کے مرکزی سالار و امیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ یوم کشمیر رسمی نہیں قومی جذبے کے ساتھ منایا جائے، بھارت کا ظلم و ستم اور مسلسل انسانی حقوق کی خلاف زیادتیاں کشمیریوں کا جذبہ آزادی دبا نہیں سکتیں، کشمیریوں کی عظیم جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں اور مکمل آزادی تک ان کی حمایت جاری رکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی ناظم اعلی مولانا ایوب خان ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی قاری واحد بخش قاری رحمت اللہ لاشاری (بقیہ نمبر10)

کراچی میں بارش سے پیپلز پارٹی کی کارکردگی سامنے آ گئی' نعیم الرحمن

وسائل کرپشن کی نظر، بارش میں شہر ڈوبا ہوا تھا، کے پی اور لاہور میں بارش ہوتی ہے، زندگی چلتی رہتی' یہاں بارش میں زندگی رک جاتی ہے

عوام پیپلز پارٹی کی کراچی کو پیرس بنانے کی دعوی کی حقیقت دیکھ لیں' منصوبوں میں 70 فیصد کرپشن ہوتی ہے، 30 فیصد میں کیا کام ہوگا؟

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ کراچی بارش سے ڈوب گیا، ایک بارش سے پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی کارکردگی کھل کر سامنے آ گئی۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وسائل کرپشن کی نظر ہو جاتے ہیں، بارش میں شہر ڈوبا ہوا تھا، کے پی اور لاہور میں بارش ہوتی ہے، زندگی چلتی رہتی ہے، یہاں بارش میں زندگی رک جاتی ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ بارش (بقیہ نمبر6)

روس کے زیر قبضہ شہر پر یوکرین کی گولہ باری، 15افراد ہلاک

یوکرین کی گولہ باری میں 10افراد زخمی، 10 ملبے تلے دب گئے، امدادی کارروائیاں جاری

ماسکو (این این آئی) مشرقی مقبوضہ شہر لائسیچانسک پر یوکرین کی گولہ باری میں 15افراد ہلاک اور 10 زخمی ہو گئے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق لائسیچانسک میں یوکرین کی گولہ باری میں ایک بیکری تباہ ہو گئی جس کے ملبے تلے درجنوں افراد دب گئے۔ روسی افواج نے کہا کہ یوکرین نے ایک ایسی عمارت کو نشانہ بنایا جس میں ایک مشہور بیکری تھی۔ ملبے سے 15 لاشیں اور 10 (بقیہ نمبر7)

لاہور، محنت کش ریڑھی پر مسمی کے تھیلے رکھ کر لے جا رہے ہیں

شہر اور گرد و نواح میں چوری، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

160 سے زائد مقامات پر وارداتوں میں ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں کا مال و اسباب لوٹ کر فرار

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد شہر اور گرد و نواح میں چوری، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، 24 گھنٹوں کے دوران 160 سے زائد مقامات پر وارداتوں میں ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں کا مال و اسباب لوٹ کر فرار ہو گئے، درجنوں شہریوں کی موٹر سائیکلیں چور لے اُڑے' پولیس ناکہ بندیوں کے باوجود سماج دشمن عناصر کا سراغ لگانے میں کامیاب نہ ہو سکی۔

رانا اکرام کے مشکور ہیں جنہوں نے بھرپور سپورٹ کا اعلان کیا، ڈاکٹر شنذرہ

عوام 8فروری کو ملک کی قسمت سے کھیلنے والوں کا کڑا احتساب کریں گے، جلسہ سے خطاب

ننکانہ صاحب (این این آئی) ماسٹر رانا محمد یوسف کے ڈیرے پر گزشتہ روز منعقدہ جلسہ عام سے ڈاکٹر شنذرہ منصب علی کھرل امیدوار Na112 اور مہر کاشف رنگ الہی پڈھیار امیدوار pp134 نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم رانا اکرام یوسف ایڈووکیٹ و دیگر اہل علاقہ کے مشکور ہیں جنہوں نے اتنے بڑے اکٹھ میں ہمیں بلایا اور ہماری ووٹ اور بھرپور سپورٹ کا اعلان کیا علاقہ بھر (بقیہ نمبر9)

لاہور، محنت کش خاتون سبزی منڈی میں پیاز چھانٹی کر رہی ہے

عوام شیر پر مہر لگا کر اپنا مستقبل محفوظ

بنائیں' ملک افضل کھوکھر

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و امیدوار حلقہ این اے 125 ملک محمد افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) خدمت اور کارکردگی پر مقابلہ کرتی ہے، عوام 8 فروری کو شیر پر اتنی مہریں لگائیں کہ پاکستان دن دگنی رات چوگنی ترقی کرے۔ انہوں نے پارٹی دفتر میں کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ الحمدللہ قائد مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف جو وعدہ کرتے ہیں وہ پورا کرتے ہیں م نواز شریف نے 2013 سے (بقیہ نمبر8)

ہینڈ لوم پر دیگر مصنوعات کی

تیاری کے تناظر میں بھی منصوبہ

بندی کرنے کی ضرورت ہے' اعجاز الرحمان

لاہور (این این آئی) کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن اعجاز الرحمان نے ہینڈ لوم سیکٹر کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہینڈ لوم پر دیگر مصنوعات کی تیاری کے تناظر میں بھی منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہے، کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے تیار کی گئی جدید ہینڈ لوم پر قالین کے علاوہ کئی طرح کی مصنوعات تیار کی جا سکتی ہیں اور ہمارا حریف ہمسایہ ملک کامیابی سے مقامی مارکیٹوں میں سپلائی کے ساتھ عالمی سطح پر برآمدات بھی کر رہا ہے۔

فیصل آباد، پرانی رنجش کی بناء

پر نوجوان کو فائر مار کر زخمی کر دیا گیا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد تھانہ چک جھمرہ کے علاقے 146 ر، ب کھیوہ میں پرانی رنجش کی بناء پر نوجوان کو فائر مار کر زخمی کر دیا گیا، تفصیلات کے مطابق 146 ر۔ب کھیوہ کے رہائشی محمد رئیس نامی نوجوان کو رنجش کی بناء پر مخالفین نے گولیاں مار دی جس سے وہ شدید زخمی ہو گیا تاہم زخمی کے ورثاء نے اس کو ہسپتال منتقل کر دیا پولیس نے واقع کی اطلاع ملتے ہی قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226